# صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز بدھ مورخہ 17 جون 2009 بمطابق 23 جمادی الثانی 1430 ہجری شام چار بجکر پینتیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

وَٱلَّذِينَ ٱسۡتَجَابُواْ لِرَبِّهِمۡ وَأَقَامُواْ ٱلصَّلَوٰةَ وَأَمۡرُهُمۡ شُورَىٰ بَيۡنَهُمۡ وَمِمَّا رَزَقۡنَـٰهُمۡ يُنفِقُونَO وَٱلَّذِينَ إِذَآ أَصَابَهُمُ ٱلۡبَغۡىُ هُمۡ يَنتَصِرُونَO وَجَزَٰٓؤُاْ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثۡلُهَا فَمَنۡ عَفَا وَأَصۡلَحَ فَأَجۡرُهُۥ عَلَى ٱللَّهِ إِنَّهُۥ لَا يُحِبُّ ٱلظَّـٰلِمِينَO وَلَمَنِ ٱنتَصَرَ بَعۡدَ ظُلۡمِهِۦ فَأُوْلَـٰٓئِكَ مَا عَلَيۡهِم مِّن سَبِيلٍO إِنَّمَا ٱلسَّبِيلُ عَلَى ٱلَّذِينَ يَظۡلِمُونَ ٱلنَّاسَ وَيَبۡغُونَ فِى ٱلۡأَرۡضِ بِغَيۡرِ ٱلۡحَقِّ أُوْلَـٰٓئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ أَلِيمٌ۔

(ترجمہ): اور جن لوگوں نے اپنے رب کا حکم مانا اور وہ نماز کے پابند ہیں اور ان کا ہر کام (جس میں با لتعیین نص نہ ہو) آپس کے مشورے سے ہوتا ہے اور ہم نے جو کچھ دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ اور جو ایسے ہیں کہ جب ان پر ظلم واقع ہوتا ہے تو وہ برابر کا بدلہ لیتے ہیں۔ اور برائی کا بدلہ برائی ہے ویسی ہی پھر (بعد اجازت انتقام کے) جو شخص معاف کرے اور اصلاح کرے تو اس کا ثواب اللہ کے ذمہ ہے واقعی اللہ تعالیٰ ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔ اور جو اپنے اوپر ظلم ہو چکنے کے بعد برابر کا بدلہ لے لے سو ایسے لوگوں پر کوئی الزام نہیں۔ الزام صرف ان لوگوں پر ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں اور ناحق دنیا میں سرکشی (اور تکبر) کرتے ہیں ایسوں کیلئے دردناک عذاب (مقرر) ہے۔

## حلف وفاداری/رکنیت

Mr. Speaker: Item No. 2: I welcome Mr. Aurangzeb Khan, Member elect and request him to please stand in front of his seat to take oath. Mr. Aurangzeb Khan.

جناب بشیر احمد بلور (سینیئر وزیر): جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: د حلف نه پس جی۔ اورنگزیب خان!

سینیئر وزیر: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: د حلف نه پس۔

(اس مرحلہ پر معزز رکن نے حلف لیا اور رجسٹر میں اپنے دستخط ثبت کئے)

(تالیاں)

جناب سپیکر: مبارک شه جی۔

سینیئر وزیر: زهٔ سپیکر صاحب، دوئ له مبارکبادی ورکوم ولے چه دوئ په کوم سیټ راغلل او زمونږ د شهید ورور عالمزیب صاحب په ځائے باندے دلته کښ ئے حلف اوچت کړو نو زهٔ اورنگزیب خان ته مبارکباد پیش کوم۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب کا مائیک آن کریں لیکن پہلے وہ بھی کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

سینیئر وزیر (بلدیات): زهٔ صرف دا عرض کوم چه خدائے د دا زمونږه عالمزیب خان اوبخښی او د هغوی ورور، اورنگزیب خان به امید دے چه زمونږ سره انشاء الله د هغوی نه زیات تعاون هم کوی او خپل پارلیمانی کردار به صحیح طریقے سره استعمالوی او د پارټۍ د طرف نه او خپل د ټول هاؤس د طرف نه مبارکباد ورته ورکومه او ورته دا هم وایم چه څنګه زمونږ دا طریقه کار دے، دغه شان به انشاء الله مونږ یو شان دا هاؤس چلوؤ او دے ټول هاؤس د طرف نه دوئ ته مبارکباد ورکوم۔

جناب سپیکر: شکریہ، جی۔ یہ ہاؤس کے Completion کا ایک حصہ ہوتا ہے۔ جی اورنگزیب خان، نن د بجټ ورځ ده که مختصر یو خبره دوه کول تهٔ غواړے، تهٔ زمونږه نوے ورور ئے خو مختصر یو خبره دوه جی تاسو چه څنګه ریکویسټ کړے وو۔

حاجی اورنگزیب خان: اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب او زما د معزز اسمبلئ ملگرو، زما ورونړو، زما مشرانو، د ټولو نه مخکښے خو زۀ ستاسو د ټولو ورونړو ډیر مشکور یم چه کله په یولسم تاریخ باندے زما ورور، ستاسو ورور، د دے اسمبلئ یو ممبر، د دے صوبے یو عظیم انسان د یو بم په دهماکے کښ قتل شو، شهید شو، جناب سپیکر صاحب، په دغه غم کښ چه ډیر غټ غم وو، زما او زما د خاندان د برداشت غم نه وو خو چه تاسو ورونړو، د دے اسمبلئ زما ناست هر یو ملگری، هر یو ورور د عالمزیب د شهادت هغه غم زما سره شریک کړو، زما سره هر یو د اسمبلئ ورور چه ټولو عالمزیب خپل یو ورور گنړلو، که ما ژړلی دی، زما د دے اسمبلئ د ممبرانو خواه که هغه زما د پارټئ ملگری دی، خواه که هغه د پیپلزپارټئ ملگری وو، خواه که هغه د مسلم لیگ ملگری وو، که هر یو په دے اسمبلئ کښ ناست زما ورور وو نو که ما دوه اوښکے څڅولے دی نو زما دے ورونړو زما سره څلور اوښکے څڅولے دی او د دوئ هغه جرات، د دوئ هغه زما غم کښ شریک کیدل، په حقیقت کښ چه زما ټول غم تاسو اغستے وو، تاسو ما له حوصله راکړے وه او د دغه غم برداشت کولو چه کوم همت وو، هغه د دے ورونړو او د دے سیاسی ملگرو په وجه باندے هغه غم ما ته آسان شو، مونږه برداشت کړو هغه غم خو جناب سپیکر صاحب، زۀ نن چه په کوم سیټ کښینمه یا نن چه په کوم مائیک ولاړ یمه نو دا د یو ډیر قابل انسان سیټ وو، دلته نه هم همیشه هغوی د خپلے حلقے مسائل راوړل، هم دے مائیک، هم د دے سیټ نه به هغوی همیشه د پاره په دے صوبه کښ د امن او د دے صوبے د خوشحالئ خبره کوله او دا یو حقیقت دے چه عالمزیب شهید شو نو د دے صوبے د امن او د خوشحالئ او د دے د کامیابئ د پاره هغوی خپله وینه توے کړه خو نن الحمد للّٰه چه د هغوی د شهادت نه پس هغوی په دے صوبه کښے، په دے صوبه پختونخوا کښے په مونږه کښے او زما په دے ناستو د اسمبلئ ملگرو کښے یو نوے جذبه، یو نوے ولوله پیدا کړه او چه کوم آواز د هغوی وو او کومه قربانی هغوی ورکړه د دے صوبے د پاره، د دے خاورے د پاره نو انشاء اللّٰه تعالیٰ چه دا هم زمونږه عهد دے، دا هم

زمونږه ایمان دے چه چرته به ظالم ته سر نه ټیټوؤ، په هر میدان به ولاړ یو چه کومه لار، کومه د غیرت لار، کومه د پښتو لار ما ته عالمزیب پریښے ده۔۔۔۔

جناب سپیکر: انشاء اللہ۔

(تالیاں)

حاجی اورنگزیب خان: انشاء اللہ تعالیٰ په دغه د غیرت په لار او د دغے د پښتو په لار باندے به روان یو۔ که څوک مو په بمونو الوځوی او که څوک مو په ډزو اولی، انشاء اللہ چه د دے ملک د آبادئ د پاره به خپله وینه تویوؤ چه کومه وینه عالمزیب توے کړے ده، دا یاد به بار بار مونږه تازه کوؤ انشاء اللہ تعالیٰ۔

جناب سپیکر: انشاء اللہ، شکریه جی۔

حاجی اورنگزیب خان: جناب سپیکر صاحب، زۀ دومره عرض لرم چه په یولسم تاریخ باندے د دے اسمبلئ یو رکن، حاجی عالمزیب شهید کړے شو، د نن تاریخه پورے زما د ضلع پشاور د پولیس کارکردگی بالکل صفر ده۔ نه ما ته د امن د پاره هغوی څه اوکړل، نه د نن تاریخه پورے د هغه عظیم شهید د قاتلانو باره کښے هغوی څه اوکړل۔ زۀ سوال کوم دے اسمبلئ ته چه عالمزیب یوائے زما ورور نه وو، هغه د دے اسمبلئ د هر یو ممبر وروړ وو، د هر یو غړی وروړ وو، زۀ دا سوال کوم چه زما د دے پیښور د پولیس د افسرانو نه د دا تپوس اوشی چه عالمزیب ولے شهید کړے شو، گناه ئے څه وه؟ خطا ئے څه وه؟ او بیا نن دلته دا ولے معلومات نه راکوی چه د هغه دشمنان یا د هغه قاتلان څوک دی؟ جناب سپیکر صاحب، زۀ د هغه ملگرو، د جناب وزیر اعلیٰ صاحب ، خاصکر زما د مشر، د سینیئر منسټر بشیر احمد بلور صاحب، د رحیم داد خان صاحب، ستاسو او دلته ناست زما چه څومره وروڼه دی، په آخر کښے د هغوی یو ځل بیا شکریه ادا کوم او دے اسمبلئ ته زۀ دا خواست کوم چه څنگه عالمزیب ستاسو وروړ وو، څنگه عالمزیب تاسو خپل وروړ گڼړلو او یو مینه او یو محبت مو ورسره لرلو، نو نن زما د دے اسمبلئ، که هغه زما د پارټئ منسټران صاحبان دی، که هغه زما د پیپلز پارټئ منسټران صاحبان دی، که هغه زما د اپوزیشن وروڼه دی، زۀ به دومره سوال تاسو ته کوم چه زما د حلقے چه کوم عوام دی، چه یو غټ

غم هغوی برداشت کړو، د غټ غم برداشت کیدو نه پس دنیا ته ئے دا ثابته کړه چه خلقو د عالمزیب سره مینه ساتله، خلقو د عالمزیب خاندان سره او د سرے جهنډے سره مینه ساتله او نن زۀ بیا راغلے یم او دغه عوامو منتخب کړے یمه نو زۀ به دا سوال کوم دے ټولو منسټرانو صاحبانو ته او سپیکر صاحب، تاسو ته هم، سینیئرمنسټرانو صاحبانو ته هم، چه کم سے کم د هغه شهید حلقه چه کوم په دے ټوله پختونخوا کښے، په دے پاکستان کښے دے اسمبلئ له ئے یو مقام ورکړو، د دے اسمبلئ دے ممبرانو ته ئے یو مقام ورکړو، نو زۀ به هغوی ته هم دا ریکویسټ کوم چه کم سے کم تاسو هم د هغوی حلقے ته یو مقام ورکړئ، د هغوی حلقے ته یو عزت ورکړئ۔

__جناب سپیکر:__ انشاء اللّٰه، انشاء اللّٰه، انشاء اللّٰه۔

__حاجی اورنگزیب خان:__ او دغے عوامو چه کوم په مونږ باندے اعتماد کړے دے، دغه اعتماد زمونږ بحال اوساتئ جی۔

__جناب سپیکر:__ شکریه جی، شکریه۔

__حاجی اورنگزیب خان:__ زۀ په آخر کښے د سکندر خان شیر پاؤ صاحب، د مسلم لیگ (ق) د ورونړو، د پیپلز پارټئ د سید ظاهرعلی شاه صاحب، د دے ټولو ډیره زیاته شکریه ادا کوم چه کوم د شهیدانو درد ئے لیدلے وو، چه د چا په پارټیانو کښ شهیدانو وو، زۀ هغوی ته سلام پیش کوم چه هغوی زما مقابله کښے خپل Candidates او نه درول او چه کوم د شهیدانو پارټیانے نه وے، هغوی مقابله اوکړه خو زۀ به دا اووایم چه شهیدان شهیدان وی، شهیدان ژوندی وی او انشاء اللّٰه تعالیٰ چه د قیامته پورے به چه څنګه نور شهیدان ژوندی ساتو، دغه شان به د خپلے اسمبلئ دغه غړے، دغه ورور، د عالمزیب نوم به هم ژوندے ساتو۔

__جناب سپیکر:__ انشاء اللّٰه۔

__حاجی اورنگزیب خان:__ په آخره کښے په دے یو شعر باندے زۀ دا خپل تقریر ختمومه چه وائی:

ے ستا مینه رښتیا وه چه قربان د د وطنه کړه
تا خو عالمزیبه پختونخوا ټوله غمژنه کړه

ستا بہ دا الفاظ وو چہ بس مینہ قربانی غواړی
ځوک کہ تحفظ د خپل مظلوم پاکستانی غواړی
ډیرہ مننہ، ډیرہ مننہ او والسلام۔

(تالیاں)

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: چند معزز اراکین کی طرف سے رخصت کی درخواستیں آئی ہیں: جناب انور سیف اللہ خان صاحب، ایم پی اے، 17 جون تا 26 جون 2009ء یعنی دس دن کیلئے: جناب شیر افغان صاحب، ایم پی اے، 17 جون تا 18 جون 2009ء: جناب جاوید خان ترکئی صاحب، ایم پی اے، 17-06-2009 یعنی آج کیلئے: جناب احمد خان بہادر صاحب، ایم پی اے، 17-06-2009 یعنی آج کیلئے تو Is it the desire of the House that leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: Leave is granted.

## مسند نشین حضرات کی نامزدگی

Mr. Speaker: Item No. 4, 'Panel of Chairmen': In pursuance of sub rule (1) of rule 14 of the Provincial Assembly of North-West Frontier Province Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I hereby nominate the following Members in order of priority to form a 'Panel of chairmen' for the current session:

1. Mr. Abdul Akbar Khan, MPA;
2. Mr. Sikander Irfan, MPA;
3. Mr. Gulistan Khan, MPA; and
4. Munawar Khan Advocate, MPA.

## عرض داشتوں کے بارے میں مجلس کی تشکیل

Mr. Speaker: Item No. 5, 'Committee on Petitions': In pursuance of rule 116 of the Provincial Assembly of North West-Frontier Province Procedure and Conduct of Business Rules 1988, I hereby constitute a committee on petitions comprising the following Members under the chairmanship of Mr. Khushdil Khan Advocate, Honourable Deputy Speaker:

1. Syed Zahir Ali Shah, MPA;
2. Mr. Sikander Irfan, MPA;

3. Dr. Faiza Bibi Rashid, MPA;
4. Sardar Aurangzeb Khan Nalotha, MPA;
5. Mufti Kifayatullah, MPA; and
6. Alhaj Sanaullah Khan Miankhel, MPA.

## جناب سپیکر کی جانب سے اعلان

جناب سپیکر: میں آپ سب معزز ممبران صاحبان، محکموں کے افسران اور صحافی برادری کو اس اجلاس میں خوش آمدید کہتا ہوں۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ صوبہ سرحد کے مخصوص حالات کے پیش نظر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے اس اجلاس کے موقع پر سیکیورٹی کے انتظامات کئے ہیں۔ مجھے اس بات کا بھی احساس ہے کہ اسمبلی سیکرٹریٹ پہنچنے میں آپ لوگوں کو دقت پیش آئی ہو گی لیکن موجودہ حالات کے تناظر میں ہم نے ان سب چیزوں کو بڑے حوصلے اور تحمل کے ساتھ برداشت کرنا ہو گا کیونکہ یہ سارے سیکیورٹی کے انتظامات آپ کی حفاظت کیلئے ہیں۔ اسمبلی سیکرٹریٹ سے وقتاً فوقتاً مختلف مراسلوں اور میڈیا کے ذریعے آپ کو آگاہ کیا جاتا رہا ہے اور پارلیمانی پارٹیوں کے قائدین کی مشاورت سے اسمبلی کے اندر مہمانوں، وزٹرز کا داخلہ ممنوع قرار دیا گیا ہے، نیز ممبران صاحبان کے پرائیویٹ گارڈز اور ان کے ساتھ آنے والے دیگر مہمانوں کا داخلہ بھی بند کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں آپ سے حالات کے پیش نظر مکمل تعاون کا طلب گار ہوں۔ صحافی برادری جنہیں ریاست کا پانچواں ستون اور جمہوریت کا ہراول دستہ مانا جاتا ہے، کیلئے اجلاس کی براہ راست کوریج کیلئے ہم نے انتظامات کئے ہیں لیکن کچھ مجبوریوں کی بناء پر گزشتہ اجلاسوں کی بہ نسبت اس دفعہ کارڈوں کا اجراء محدود کیا گیا ہے، لہذا میں ان سے بھی گزارش کرتا ہوں کہ وہ سیکیورٹی عملے کے ساتھ مکمل تعاون کریں کیونکہ آپ سب کی جان و مال کی حفاظت کرنا اپنا اولین فرض سمجھتا ہوں۔ مجھے امید ہے کہ آپ ہمارے ساتھ مکمل تعاون کریں گے۔ شکریہ۔

## سالانہ بجٹ برائے مالی سال 2009-10 کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Item No.7, The Honourable acting Minister for Finance, Janab Rahimdad Khan Sahib, to please present before the House the Annual Budget for the year 2009-10. Honourable acting Minister for Finance please.

(Applause)

جناب رحیم داد خان [سینئیر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی)]: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ ستاسو ډيره مهرباني۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں ایک بات، سوری جی، جناب، ہمارے فنانس منسٹر ہمایون خان صاحب علیل ہیں، ان کی کمر میں شدید درد پیدا ہوا تھا تو ڈاکٹر صاحبان کی جانب سے ان کو مکمل بیڈ ریسٹ کی ہدایت کی گئی ہے۔ وہ فریضہ آج ہمارے سینیئر منسٹر، رحیم داد اخان صاحب ادا کر رہے ہیں۔

جناب منور خان ایڈووکیٹ: جناب سپیکر صاحب! میں ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں کیونکہ ہمارے فنانس منسٹر، ہمایون خان علیل ہیں اور ان کی جگہ جناب رحیم داد خان، سینیئر منسٹر صاحب کی قیادت میں آج بجٹ پیش کیا جارہا ہے تو سپیکر صاحب، یہ حق بنتا ہے کہ ہمیں اس کی تعریف کیلئے چھوڑ دیں اور ساتھ ہی میں اورنگزیب خان کو بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی جناب رحیم داد خان صاحب۔

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): بِسۡمِ ٱللّٰهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر! زۀ د ټولو نه مخکښې اورنګزیب خان چه زمونږ د شهید ورور دے، نن معزز ایوان کښې مونږ سره دے، هغه ته په حلف اوچتیدو باندے مبارکبادی ورکوم او د هغے نه پس فنانس منسټر همایون خان چه ډیر محنت کش، ډیر قابل او ډیر ژور سیاستدان دے، د بیمارئ په وجه باندے نن دلته حاضر نه دے او د هغوی هغه کمی مونږه ډیره محسوس کوؤ او د هغوی صحت یابئ د پاره زۀ دعا کوم او ټولو ورونړو ته دا ریکویسټ کوم چه د هغه د صحتیابئ د پاره دعا او کړی۔ جناب سپیکر!۔۔۔۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر، قواعد میں ہے کہ بجٹ کے دوران دعا کیلئے ہاتھ اٹھایا جا سکتا ہے اور جب یہ بجٹ تقریر کر رہے ہوتے ہیں تو وجوہات ہو سکتی ہیں، چونکہ یہ روایت توڑ دی گئی ہیں لہذا میں چاہوں گا کہ بجٹ سیکھ سکتے تھے تو یہ وہ صورتحال ہے اس میں کس طرح ادا کی جا سکتی ہے۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: جناب پیر صاحب، جناب پیر صاحب! آپ پرانے ہمارے ساتھی ہیں، آپ کو معلوم ہے۔ جی، رحیم داد خان صاحب۔

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): جناب سپیکر! جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ہماری حکومت کو ورثہ میں بہت سے حل طلب مسائل ملے، جن میں مہنگائی، لوڈ شیڈنگ، امن وامان کی خراب صورتحال اور معاشی بدحالی جیسے مسئلے شامل تھے۔ ہم نے ان تمام مسائل کو حل کرنے کا مصمم ارادہ کر رکھا ہے اور وقت گزرنے

کے ساتھ ساتھ ہمارے اس ارادے میں مزید پختگی آئی ہے۔ ہم عوام کے بھرپور تعاون سے ان مسائل کے پائیدار حل کیلئے بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔

جناب سپیکر! میں یہاں اپنے قائدین کی رہنمائی اور مسائل کو حل کرنے میں ان کی گہری دلچسپی کا ذکر کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں کیونکہ یہ جناب آصف علی زرداری، صدر پاکستان اور جناب اسفندیار ولی خان کی مدبرانہ قیادت کا نتیجہ ہے کہ ہماری حکومت پروقار طریقے سے امور مملکت چلا رہی ہے اور عوام کے پسے ہوئے طبقے کی بھلائی کیلئے دن رات کوشاں ہے۔ میں یہاں ملاکنڈ میں جاری شورش کا ذکر کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں جس کی وجہ سے پورے ملاکنڈ ڈویژن میں امن وامان کا مسئلہ پیدا ہوا۔ صوبائی حکومت کی حتی الامکان کوشش رہی کہ طاقت کے استعمال کی بجائے مذاکرات کے عمل کے ذریعے اس غیر یقینی صورتحال کا تدارک کیا جائے۔ چنانچہ ملاکنڈ ڈویژن میں جیسے ہی نظام عدل کا مطالبہ آیا تو صوبائی حکومت نے نہایت خندہ پیشانی کے ساتھ مثبت ردعمل کا اظہار کیا۔ باوجود یہ کہ ملاکنڈ ڈویژن میں ملک کے دیگر حصوں سے ہٹ کر ایک الگ نظام قائم کرنا تنقید کا سبب بن سکتا تھا لیکن امن کے قیام اور شہریوں کی جان و مال کا تحفظ صوبائی حکومت کے نزدیک زیادہ اہم تھا۔

جناب سپیکر! 16 فروری کو امن معاہدے پر دستخط ہونے کے بعد سرحد حکومت معاہدے کی ہر شرط کو عملی جامہ پہنانے میں مخلص رہی ہے۔ تاہم دوسرے فریق کی طرف سے حکومتی اقدامات کے جواب میں مثبت اقدام نہیں اٹھائے گئے۔ اگر یہ کہا جائے کہ حکومت سے نت نئے مطالبات کر کے اس صورتحال کو گھمبیر بنا دیا گیا تو غلط نہ ہوگا۔ صوبائی حکومت نے جس نیک نیتی اور دوراندیشی سے اس معاہدے کو پایہ تکمیل تک پہنچایا تھا، وہ یہ امید کرنے میں حق بجانب تھی کہ فریق مخالف بھی اس معاہدے پر عملدرآمد کرے گا لیکن صوبائی حکومت کو اس وقت سخت مایوسی ہوئی جب شرپسندوں نے نہ صرف سوات اور گردونواح میں اپنی تخریبی سرگرمیاں جاری رکھیں بلکہ معاہدے کے آڑ میں ملاکنڈ ڈویژن کے دیگر اضلاع بونیر اور دیر کی طرف پیش قدمی شروع کر دی۔

صوبائی حکومت نے یہ محسوس کیا کہ شورش پسند لوگوں کا ہدف دراصل نظام عدل نہیں بلکہ یہ نعرہ صرف اقتدار پر قبضہ کرنے کی ایک کڑی تھی جس کو موجودہ حکومت جو کہ عوام کے ووٹوں سے برسر اقتدار آئی، نے بری طرح بے نقاب کر دیا اور اس طرح عوام کی نظروں میں موجودہ حکومت کا وقار بلند ہوا۔ البتہ موجودہ حکومت کو اس بات کا بڑا دکھ ہے کہ اس شورش کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر لوگوں کو

اپنے گھر بار چھوڑ کر نقل مکانی کرنی پڑی تاہم اس مصیبت کی گھڑی میں موجودہ حکومت نے ان کی تکالیف کو کم سے کم کرنے کیلئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ جتنے بڑے پیمانے پر متاثرین پناہ کی تلاش میں آرہے ہیں، اس کا کسی کو اندازہ بھی نہ تھا لیکن حکومت نے اپنی تمام انتظامی مشینری کا بھرپور استعمال کر کے ان متاثرہ لوگوں کیلئے آرام اور آسائش کا خیال رکھا۔ یہاں میں وفاقی حکومت کی طرف سے ایک ارب روپے کی فراہمی پر جناب صدر پاکستان آصف علی زرداری اور وزیر اعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی کا شکریہ بھی ادا کرنا چاہوں گا کہ انہوں نے فراخدلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے یہ خطیر رقم فراہم کی۔ حکومت نے فوراً ہی ریلیف کمشنر کو فنڈز جاری کئے تاکہ یہ رقم آئی ڈی پیز پر خرچ کی جا سکے۔ اسوقت ملاکنڈ ڈویژن کے عوام پر جو مشکلات آن پڑی ہے ان کی ہر لحاظ سے مدد کرنا پوری قوم کی ذمہ داری ہے۔ اس کیلئے وزیر اعلیٰ فنڈ برائے آئی ڈی پیز قائم کیا گیا ہے جس میں سرکاری ملازمین، وزرائے کرام، عوام، بینکوں کے ملازمین دل کھول کر عطیات دے رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ صاحب نے اپنی پورے سال کی تنخواہ اس فنڈ میں دی ہے جس کیلئے میں پوری قوم کی طرف سے ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ (تالیاں)

جناب سپیکر! ملک کی معیشت ایک کٹھن دور سے گزر رہی ہے۔ معاشی عدم استحکام، رسد و ادائیگیوں میں عدم توازن اور زر مبادلہ کے ذخائر میں کمی سے معیشیت کو مجموعی طور پر بڑا دھچکا لگا ہے۔ اس عدم استحکام کے پیش نظر بیروزگاری، قیمتوں کی سطح میں غیر معمولی اضافہ، افراط زر، اجرتوں میں کمی، شرح سود میں اضافہ اور پاکستانی روپے کی قدر میں ڈالر کے مقابلے میں انتہائی کمی جیسے رجحانات منظر عام پر آئے۔ افراط زر میں اضافے نے سابقہ ریکارڈ توڑ دیئے جس سے متوسط اور غریب طبقہ پس کر رہ گیا۔ علاوہ ازیں ملک میں خوراک اور تیل کے بحران کے علاوہ پانی کا بحران کا بھی زور پکڑتا جا رہا ہے۔

مزید برآں بجلی کی پیداوار اور رسد میں عدم توازن نے صورتحال کو مزید گھمبیر کر دیا۔ صوبے میں واقع کارخانے بجلی کے لوڈ شیڈنگ کے سبب بری طرح متاثر ہوئے۔ پیداوار کم سے کم اور کاروبار نہ ہونے کے برابر رہا۔ امن عامہ کی اس صورتحال کے پیش نظر آنے والے وقتوں میں شدید مشکلات پیش آنے کا اندیشہ ہے۔ افراط زر میں اضافے کے سبب متاثرہ املاک اور افراد کی بحالی پر آنے والے اخراجات میں کئی گنا اضافے کا امکان ہے۔ حکومت ان تمام مسائل کے تدارک کیلئے مناسب اقدامات لے رہی ہے جس کے نتائج جلد عوام کے سامنے آئیں گے۔

عرصہ دراز سے صوبہ سرحد کو بجلی کے خالص منافع کی عدم ادائیگی کا سنگین مسئلہ در پیش ہے۔ وفاقی حکومت کی منظوری سے قائم کردہ ثالثی ٹریبونل کے متفقہ فیصلے کے تحت صوبے کو ایک سو دس ارب روپے کا جو ایوارڈ برائے مالی سال 92-1991 تا 05-2004 دیا گیا تھا، اس کی تاحال وفاقی حکومت نے ادائیگی نہیں کی۔ مزید برآں 06-2005 تا 09-2008 بجلی کا خالص منافع صرف چھ ارب روپے سالانہ کے حساب سے ادا کیا جارہا ہے جبکہ ان سالوں کا خالص منافع سی سی آئی کے منظور شدہ فارمولے کے تحت ادا کرنا مقصود ہے۔ یہاں یہ ذکر کرنا غیر مناسب نہیں ہوگا کہ موجودہ مالی سال کے دوران اب تک صرف تین اعشارہ پانچ ارب روپے کی ادائیگی کی گئی ہے۔ پوری رقم کی ادائیگی نہ ہونے کے سبب صوبے کو شدید مالی دشواری کا سامنا ہے۔ جناب امیر حیدر خان ہوتی، وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد کی سربراہی میں صوبائی کابینہ نے وزیر اعظم پاکستان سے 18 ستمبر 2008ء کو ملاقات کی اور اس بابت صوبے کو درپیش مالی مشکلات سے آگاہ کیا۔ جناب وزیر اعظم نے کمیٹی تشکیل دی جس میں وفاق اور صوبے کو بھرپور نمائندگی دی گئی۔ کمیٹی کو اس اہم اور فوری حل طلب مسئلے کو منطقی انجام تک پہنچانے کیلئے دو ماہ کی مدت دی گئی تھی لیکن بد قسمتی سے نو ماہ گزرنے کے باوجود اس مسئلے پر تاحال کوئی پیش رفت نہیں ہو سکی۔

جناب سپیکر! صوبائی حکومت نے بجلی کے خالص منافع اور تیل و گیس کی رائلٹی کا پانچ فیصد حصہ ان متعلقہ اضلاع میں خرچ کرنے کی منظوری دی ہے جہاں پن بجلی گھر اور تیل و گیس کے کنویں واقع ہیں۔ جناب چیف سیکرٹری صاحب کی سربراہی میں قائم کردہ کمیٹی نے مذکورہ پانچ فیصد حصے کو خرچ کرنے کا طریقہ کار وضع کیا ہے، جسے صوبائی کابینہ کی منظوری کے بعد نافذ العمل کر دیا گیا ہے۔ مذکورہ پانچ فیصد حصہ صوبائی اور ضلعی ترقیاتی پروگرام کے علاوہ ہوگا جس سے متعلقہ علاقوں میں تعلیم، صحت، بجلی، گیس، سڑکوں اور دیگر سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ صوبائی حکومت کے علاوہ وفاقی حکومت کی جانب سے بھی تیل و گیس پیدا کرنے والے اضلاع میں پیداواری بونس کی سکیم شروع کی گئی ہے جس کے تحت وفاقی حکومت کی جانب سے فراہم کردہ رقوم کو علاقے میں بنیادی ضروریات کی فراہمی پر خرچ کیا جائے گا۔ وفاقی حکومت کی جانب سے موجودہ مالی سال کے دوران پندرہ ملین روپے بطور پیداواری بونس صوبائی حکومت کو وصول ہوئے۔ مذکورہ رقم متعلقہ اضلاع کو منتقل کر دی گئی ہے۔

جناب سپیکر! آئندہ مالی سال کا بجٹ پیش کرنے سے پہلے یہ مناسب ہوگا کہ موجودہ مالی سال 09-2008 کے نظر ثانی شدہ تخمینہ جات کو اس معزز ایوان کے سامنے پیش کیا جائے۔

جناب سپیکر! 2008-09 کے بجٹ میں کل وصولیات کا تخمینہ 100.088 بلین روپے تھا، جس کی تفصیل یوں ہے:

* مرکزی ٹیکسوں میں صوبہ سرحد (پختونخوا) کا حصہ 59.684 ملین روپے تھا جو کہ نظر ثانی شدہ تخمینہ میں کم ہو کر 56,099 ملین روپے رہ گیا۔ پہلے جو میں نے Quote کیا، وہ غلط تھا، وہ 59,684 روپے تھا۔

* 2.5 فیصد جنرل سیلز ٹیکس میں صوبہ سرحد کا بجٹ تخمینہ 7,332 ملین روپے تھا جو نظر ثانی شدہ تخمینہ میں 7,098 ملین روپے رہ گیا۔

* سروسز پر جنرل سیلز ٹیکس 766 ملین روپے تھا جو نظر ثانی شدہ تخمینہ میں 747 ملین روپے رہ گیا۔

* NFC کے تحت خصوصی گرانٹ کی صورت میں 14,432 ملین روپے کا بجٹ تخمینہ تھا جو نظر ثانی شدہ تخمینہ میں 13,183 ملین روپے رہ گیا۔

* اس کے علاوہ صوبے کو وفاقی حکومت کی جانب سے ایک بلین روپے کی خصوصی گرانٹ برائے IDPs وصول ہوئی۔

* صوبے کے اپنے وسائل سے آمدن کا تخمینہ 7,444 ملین روپے تھا جو نظر ثانی شدہ تخمینہ میں 6,427 ملین روپے رہ گیا۔

* اس طرح وصولیات میں مرکزی ٹیکسوں میں 3,117 ملین روپے اور سپیشل گرانٹ میں 1,249 ملین روپے کمی واقع ہوئی۔ صوبے کی اپنے وصولیات میں بھی 1,017 ملین روپے کے ابتدائی تخمینہ سے کمی رہی۔ گیس و تیل کی رائلٹی میں وصولی بجٹ تخمینہ سے نظر ثانی شدہ تخمینہ میں 656 ملین زیادہ رہی۔ اس طرح وصولیات میں ابتدائی تخمینہ جات جو 100.088 بلین روپے تھے نظر ثانی شدہ تخمینہ میں 96.323 بلین روپے رہ گیا جو کہ 3.765 بلین روپے کی کمی ظاہر کرتا ہے۔

اس کے مقابلے میں اخراجات جاریہ کا بجٹ تخمینہ 67.3 بلین روپے تھا جو کہ نظر ثانی شدہ تخمینہ میں 75.6 بلین روپے تک پہنچ گیا۔ اخراجات جاریہ میں 8.3 بلین روپے کے اضافے میں وفاقی حکومت کی جانب سے ایک بلین روپے کی IDPs کیلئے خصوصی گرانٹ بھی شامل ہے۔ جو صوبائی اکاونٹ کی وساطت سے جاری کی گئی۔ اس کے علاوہ صوبائی حکومت نے اپنے وسائل سے 640 ملین روپے جاری کئے۔ ضلعی حکومتوں کو 1.802 بلین روپے اضافی رقم دی گئی۔ پولیس میں 4421 نئی اسامیوں کیلئے

780 ملین روپے کی اضافی رقم مہیا کی گئی نیز بم دھماکوں کے متاثرین کی امداد کیلئے وفاقی حکومت کی طرف سے 340 ملین روپے وصول ہوئے۔

پولیس کے علاوہ صوبے میں ناگہانی آفات سے نمٹنے کیلئے صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (Provincial Disaster Management Authority) کے نام سے ایک الگ ادارہ قائم کیا گیا جس کیلئے مجموعی طور 48.189 ملین روپے فراہم کئے گئے۔ مذکورہ محکمے کیلئے 92 آسامیوں کے علاوہ ٹرانسپورٹ، مشینری و دیگر آلات اور فرنیچر وغیرہ کیلئے فنڈز فراہم کئے گئے ہیں۔

صوبائی حکومت نے خیر سگالی کے جذبے کے تحت بلوچستان کے ضلع قلات میں متاثرین زلزلہ کیلئے 50 ملین روپے فراہم کئے۔ علاوہ ازیں پشاور میں سیلاب زدگان کی امداد کیلئے 105 ملین روپے بھی فراہم کئے گئے۔ عسکریت پسندوں کی کارروائیوں کے نتیجے میں باجوڑ اور ملاکنڈ ڈویژن سے نقل مکانی کرنے والے خاندانوں کیلئے بھی صوبائی حکومت نے 100 ملین روپے فراہم کئے۔

جناب سپیکر! مصیبت کی اس گھڑی میں متاثرین بونیر، سوات اور دیر کے ساتھ وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے خیر سگالی کے جس جذبے کا اظہار کیا ہے، اس کا شکریہ ادا کرنا اپنا فریضہ منصبی سمجھتا ہوں۔ وفاقی حکومت نے ایک بلین روپے کی جو خطیر رقم فراہم کی ہے، صوبائی حکومت خیر سگالی کے اس جذبے کیلئے تہہ دل سے شکر گزار ہے۔ اس طرح حکومت پنجاب نے جس طرح متاثرین کی آبادکاری میں اپنا کردار ادا کیا ہے، وہ اپنی مثال آپ ہے۔ حکومت سندھ اور بلوچستان نے بھی اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے کر جس خیر سگالی کے جذبے کا اظہار کیا ہے، صوبائی حکومت ان کی بے حد شکر گزار ہے۔

متاثرین ملاکنڈ ڈویژن کی مالی اور اخلاقی مدد کیلئے صدر پاکستان، جناب آصف علی زرداری اور یوسف رضا گیلانی، وزیر اعظم پاکستان، وفاقی وزراء اور ملک کی دیگر اہم سیاسی و غیر سیاسی شخصیات کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے نہ صرف خود متاثرین کے کیمپوں کا دورہ کیا بلکہ صوبائی حکومت کے ساتھ ہر طرح کا تعاون کیا۔ علاوہ ازیں میں ان تمام فلاحی اداروں اور غیر سرکاری تنظیموں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

محترم سپیکر! سال 10-2009 کا بجٹ بناتے وقت جو مقاصد صوبائی حکومت کے مد نظر تھے، وہ کچھ اس طرح سے ہیں:

- سوشل سروس سیکٹرز (Social Service Sectors) میں خدمات کی فراہمی (Service delivery) کو بہتر بنانا;
- اکنامک سروس کے محکموں کی کارکردگی کو بہتر بنانا;
- روزگار کے نئے مواقع کی فراہمی;
- امن وامان کی حالت میں بہتری لانا;
- چھوٹے کاروبار کو فروغ دینااور اس کیلئے اقدامات اٹھانا;
- زراعت کو مزید ترقی اور بڑھوتری دینا;
- صحت کی سہولتوں کی فراہمی میں مزید بہتری;
- IDPs کے حوالے سے ضروری فنڈز کی فراہمی تاکہ ان کی بحالی وآبادکاری ہنگامی بنیادوں پر کی جاسکے;
- عوام کو بہتر ٹرانسپورٹ کی سہولت کی فراہمی۔

ہماری حکومت کو اس بات کا شدت سے احساس ہے کہ بے روزگاری کو ہر طریقے سے کنٹرول کیا جائے۔ کچھ تو صوبہ سرحد (پختونخوا) کی جغرافیائی صورتحال کی وجہ سے اور کچھ کراچی پورٹ سے دور واقع ہونے کی وجہ سے یہاں پر خاطر خواہ صنعتی ترقی نہ ہو سکی۔ حکومت نے اس مسئلے کو حل کرنے کیلئے آٹھ ہزار آسامیاں مالی سال 2008-09ء کے دوران مہیا کیں اور تین ہزار تین آسامیاں اس بجٹ کے ذریعے اگلے مالی سال 2009-10ء میں فراہم کی جارہی ہے۔ مزید برآں اگلے سال میں مزید گیارہ ہزار آسامیاں فراہم کی جائیں گی جس سے بہت حد تک بے روزگاری پر قابو پایا جاسکے گا۔

صحت نہایت اہم شعبہ ہے، اس سے معاشرے کے ہر فرد کا واسطہ پڑتا ہے۔ اس سیکٹر کے تحت امراض سے بچاؤ اور ان پر قابو پانے کیلئے مدافعتی پروگراموں بالخصوص صحت تولیدی، بچوں کی صحت، غذائیت کی کمی اور بنیادی سہولیات کے ڈھانچے کو بہتر بنانا شامل ہے تاکہ صحتمند معاشرے کے قیام کو ممکن بنایا جائے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: جناب محمد علی خان صاحب! آپ اپنی سیٹ پر تشریف لے جائیں، بہت اہم ڈاکومنٹ ڈسکس ہو رہی ہے، یہ منی اسمبلی ختم کریں۔ تھینک یو۔

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): تپ دق کا تدارک اور علاج، زچہ و بچہ کی صحت، بنیادی صحت میں بہتری، ہیپاٹائٹس، ملیریا اور ایڈز سے بچاؤ، بچوں اور ماؤں کی شرح اموات کو کم کرنا اور مستقبل میں ان سہولیات کا دائرہ کار تمام اضلاع تک بڑھانا صوبائی حکومت کے اولین مقاصد کا حصہ ہے۔

قوموں کی بقاء، سالمیت اور ترقی کا راز اچھی تعلیم اور بہتر تربیت میں مضمر ہے۔ اس امر کو مدنظر رکھتے ہوئے تعلیم موجودہ حکومت کی ترجیحات میں سرفہرست ہے۔

زراعت صوبے کی معیشت میں اہم مقام رکھتا ہے۔ یہ خوراک کی ضروریات پوری کرنے کے علاوہ ستر فیصد آبادی کو روزگار فراہم کرتا ہے۔ افزائش حیوانات کسان کیلئے نہایت اہم ہے۔ یہ کسان کو خوراک اور ٹرانسپورٹ مہیا کرنے کے علاوہ ضرورت کے وقت نقد سرمایہ بھی فراہم کرتا ہے، اسلئے یہ کسان کا بینک اکاؤنٹ بھی کہلاتی ہے۔

زراعت کیلئے آبپاشی کی اہمیت ہر کسی پر عیاں ہے۔ پانی کی بروقت دستیابی خوراک کے حصول کا یقینی ذریعہ فراہم کرتی ہے۔ صوبہ سرحد کا قابل کاشت رقبہ 6.55 ملین ایکڑ اور زیرآبپاشی رقبہ 2.27 ملین ایکڑ ہے جو قابل کاشت رقبے کا 34.65 فیصد ہے۔ صوبائی حکومت کو زراعت اور آبپاشی کی اہمیت کا احساس ہے، اسلئے یہ ان سیکٹرز کی ترقی کیلئے کوشاں ہے۔

دیگر نقصانات کے علاوہ بیروزگاری کا امن وامان کی حالت پر منفی اثر کسی سے پوشیدہ نہیں۔ روزگار جہاں امن وامان اور بہتر سوشل حالات کا ضامن ہے، وہاں افراد کو ترقیاتی عوامل میں شامل کرکے ملک و قوم کی بہتری کا ذریعہ بھی ہے۔ روزگار خواہ بلاواسطہ ہو، خواہ بالواسطہ، اس کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ صوبائی حکومت کو ان عوامل کا ادراک ہے، اسلئے روزگار اس کی ترجیحات کا حصہ ہے۔

امن وامان کی بہتر حالت، بہتر معاشی ماحول کے احیاء کا ضامن ہوتا ہے۔ جہاں مزدور، کارکن، کارخانہ دار وغیرہ کو جان، مال اور عزت کی حفاظت کا یقین ہو، وہاں وہ بہتر معاشی اقدامات اور ترقی کیلئے کوشش کرسکے گا۔ حکومت کو اس مسئلے کا احساس ہے اور مقدور بھر اس سے عہدہ براء ہونے کی کوشش جاری رکھے ہوئے ہے۔

صوبہ سرحد میں بڑے سرمایہ دار انگلیوں پر گنے جا سکتے ہیں۔ یہاں درمیانے درجہ کے کاروباری بڑی تعداد میں مل جاتے ہیں۔ یہ حضرات اپنا محدود سرمایہ چھوٹے کاروبار یا ہنر میں لگاکر معیشت کی بہتری میں فعال کردار ادا کرسکتے ہیں۔ یہ چھوٹے کاروباری مجموعی طور پر روزگار فراہم کرنے کا

بڑا ذریعہ بن سکتے ہیں۔ ان کی حوصلہ افزائی اور ان کو بہتر حالات مہیا کرنے سے صوبے میں معاشی بہتری کا انقلاب آ سکتا ہے۔ صوبہ سرحد (پختونخوا) کی حکومت ان چھوٹے کاروباروں کی حوصلہ افزائی کا پروگرام بنا کر صوبے اور اس کے عوام کی عظیم خدمت کر رہی ہے۔

ناگزیر حالات کی بناء پر ملاکنڈ ڈویژن کے باشندوں نے بڑی تعداد میں نقل مکانی کر کے پشاور میں رہائش اختیار کی۔ ان کو خوراک، چھت، صحت اور تعلیم کی سہولیات اور دیگر انسانی ضروریات کی فراہمی کیلئے صوبائی حکومت کا اہم کردار ہے۔ اس کیلئے کثیر سرمایہ کی ضرورت ہے جس کیلئے صوبائی حکومت کے وسائل ناکافی ہیں۔ پھر بھی حکومت حتی المقدور کوشش جاری رکھے ہوئے ہے۔ حالات بہتر ہونے پر ان آئی ڈی پیز کی واپسی اور آبائی علاقوں میں آباد کاری حکومت وقت کیلئے بڑا چیلنج ہے۔ بجٹ 10-2009 میں آئی ڈی پیز کیلئے مرکزی حکومت نے ایک ارب روپے مختص کئے ہیں۔ صوبائی حکومت 09-2008ء میں بھی اپنے وسائل وقف کرتی رہی اور 10-2009ء میں بھی اس فرض سے چشم پوشی نہیں کرے گی۔

صوبائی حکومت خدمات کی فراہمی میں مخلص ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ اس کے نیک ارادوں میں عوام کی کوششیں بھی شامل ہوں گی۔ انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب اس صوبہ کے رہائشی ان کاوشوں کے ثمرات سے مستفید ہوں گے۔

محترم سپیکر! مالی سال 10-2009ء کا بجٹ بناتے وقت حکومت کے پیش نظر جو ضروری نکات تھے، ان میں بہتر سوشل سروس ڈیلیوری، عمدہ نظم و نسق کی فراہمی اور عوام کی تکالیف کو مد نظر رکھتے ہوئے ریلیف کی فراہمی شامل تھی۔ اب میں آئندہ مالی سال کا بجٹ پیش کرنا چاہتا ہوں۔ آئندہ مالی سال 10-2009ء میں صوبے کو حاصل ہونے والے کل وسائل کا تخمینہ 211.1 بلین روپے ہے جبکہ ان وصولیات کے برعکس اخراجات کا تخمینہ 214.2 بلین روپے ہے، اس طرح اخراجات کی مد میں 3.100 بلین روپے کے خسارے کا سامنا ہے۔ وصولیات کی تفصیل یوں ہے:

- مرکزی ٹیکسوں (Federal Tax Assignment) میں سے صوبہ سرحد کو 67.8 بلین روپے وصول ہوں گے۔
- 2.5 فیصد جنرل سیلز ٹیکس کی مد میں متوقع آمدن 7.9 بلین روپے ہو گی۔
- تیل و گیس کی رائلٹی کی مد میں 7.6 بلین روپے کی آمدن متوقع ہے۔
- بجلی کے خالص منافع کی مد میں 6 بلین روپے وصول ہوں گے۔

- گرانٹ کی صورت میں صوبے کو14.8 بلین روپے کی آمدن متوقع ہے۔
- صوبے کو اپنے محاصل کی مد میں7.5 بلین روپے کی آمدن متوقع ہے۔
- سروسز پر جنرل سیلز ٹیکس کی مد میں2.1. بلین روپے کی آمدن متوقع ہے۔
- جنرل کیپیٹل آمدن کی مد میں400 ملین روپے متوقع ہیں۔
- ترقیاتی آمدن کی مد میں17.1 بلین روپے متوقع ہیں۔
- جنرل کیپیٹل آمدن(Food) کی مد میں79.8 بلین روپے متوقع ہیں۔
- اس طرح سے کل میزان211.1 بلین روپے بنتا ہے۔

آئندہ مالی سال2009-10ء میں اخراجات کی مد میں بجٹ کا تخمینہ214.2 بلین روپے لگایا گیا ہے جس میں80 بلین روپے اخراجات جاریہ کیلئے مختص کئے گئے ہیں۔ تفصیل کچھ یوں ہے:

- صحت اور تعلیم کیلئے6 بلین روپے مختص کئے گئے ہیں۔
- پولیس کو9.7 بلین روپے اور پنشن کی ادائیگی کیلئے7.2 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔
- ضلعی حکومتوں کو تنخواہوں اور دیگر اخراجات کی مد میں34.9 بلین روپے مختص کئے گئے ہیں۔
- اسی طرح ریونیو اور اسٹیٹ کو ریلیف اقدامات کیلئے1.1 بلین روپے مہیا کئے جارہے ہیں۔
- گندم پر سبسڈی کیلئے2 بلین روپے۔
- قرضوں کی ادائیگی کیلئے8.1 بلین روپے اور متفرق اخراجات کیلئے11 بلین روپے مہیا کئے جارہے ہیں۔
- ان اخراجات کے علاوہ دیگر اخراجات میں جاریہ کیپیٹل اخراجات کیلئے3.2 بلین روپے رکھے گئے ہیں۔
- ترقیاتی اخراجات کیلئے مختص شدہ رقم51.2 بلین روپے ہے۔
- اور خوراک کی مد میں کیپیٹل اخراجات کیلئے79.7 بلین روپے مختص کئے گئے ہیں۔
- اس طرح سال2009-10ء کیلئے کل اخراجات کا تخمینہ214.2 بلین بنتا ہے۔

جناب سپیکر! ترقیاتی اخراجات کے علاوہ صوبہ کو مختلف سیکٹروں میں متعدد غیر ترقیاتی اخراجات برداشت کرنے پڑتے ہیں۔ ان اخراجات سے ادارے چلائے جاتے ہیں اور ان کے ذریعے ترقیاتی عمل جاری رکھا

جاتا ہے لیکن ترقی کیلئے صرف محدود سکیموں میں سرمایہ کاری کافی نہیں ہوتی۔ یہ ادارے ایک پروگرام کے مطابق خدمات کی فراہمی کو جاری رکھتے ہیں، ان خدمات کا جائزہ پیش کرتا ہوں۔

تعلیم:

اس شعبے کے غیر ترقیاتی اخراجات دیگر شعبوں پر حاوی ہیں۔ مالی سال 10-2009ء کے دوران یہ شعبہ 27471 مختلف سکولوں کا انتظام اور وہاں تعلیم دینے کا بندوبست کرے گا۔ نئے سکولوں میں اساتذہ کی تعیناتی کیلئے بجٹ تخمینہ میں 357 نئی آسامیوں کی گنجائش رکھی گئی ہے۔ مہنگائی اور اعلیٰ معیار کو مد نظر رکھتے ہوئے تعلیم کی مد میں جاری اخراجات کیلئے 2247 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں جو پچھلے مالی سال سے 18 فیصد زیادہ ہیں۔

صحت:

صحت کیلئے جاری اخراجات کی مد میں 4025 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں جو پچھلے مالی سال سے 13.87 فیصد زیادہ ہیں۔ اس کے علاوہ صوبہ سرحد کے بڑے ہسپتالوں کیلئے گرانٹ ان ایڈ (Grant in aid) کی صورت میں 2170 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ یہاں یہ ذکر بے جا نہ ہو گا کہ یہ بڑے ہسپتال خود مختار (Autonomous) حیثیت میں کام کر رہے ہیں۔ صوبائی حکومت ان کی ضروریات کو ہر ممکن حد تک پورا کرنے کی کوشش کرتی ہے کیونکہ یہ ہسپتال صوبے کے عوام کیلئے خصوصی علاج کا واحد ذریعہ ہیں۔ مخصوص بیماریوں کے ہسپتالوں، صحت کے رفاعی اداروں، خیبر میڈیکل یونیورسٹی کو حکومت گرانٹ ان ایڈ کی شکل میں امداد فراہم کرتی ہے۔ آئندہ سال کے بجٹ میں ان اخراجات کا تخمینہ 353.5 ملین روپے ہے۔ صوبائی حکومت نے علاج معالجے کی سہولت کیلئے Endowment Fund قائم کیا ہے جس سے کینسر، ہیپاٹائٹس، دل کی بیماریوں وغیرہ کے مہنگے علاج کیلئے نادار مریضوں کو مفت علاج کی سہولت مہیا کی جاتی ہے۔ اس فنڈ کا حجم 100 ملین روپے ہے جو مالی سال 10-2009 کے بجٹ تخمینے کا حصہ ہے۔

دیکھ بھال اور مرمت (Maintenance and Repair):

انفراسٹرکچر کیلئے ایم اینڈ آر کی اہمیت ہر کسی پر واضح ہے۔ سڑکوں، ہائی ویز اور پلوں کی ایم اینڈ آر کیلئے ہر سال بجٹ میں فنڈ مختص کئے جاتے ہیں۔ 10-2009 کے صوبائی بجٹ میں اس کا حجم 1075 ملین روپے ہے۔ بلڈنگ سیکٹر میں ایم اینڈ آر فنڈ سے سرکاری عمارات کی مرمت کی جاتی ہے۔ ماضی میں یہ کام پراونشل بلڈنگ مینٹیننس سیل (Provincial Building Maintenance Cell)

(PBMC) کیا کرتا تھا۔ مالی سال 10-2009 سے یہ کام دوبارہ ورکس اینڈ سروسز کے حوالے کرنے کا فیصلہ کیا جا چکا ہے۔ اس کیلئے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں 250 ملین روپے کی رقم مختص کی گئی ہے۔

امن وامان (Law and Order):

امن وامان کی حالت خراب ہونے کی وجہ سے صوبے کی معیشت او ترقی پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ صوبہ سرحد (پختونخوا) اس وقت امن وامان کے مسئلے سے دوچار ہے۔۔۔۔۔

('پختونخوا' لفظ کے استعمال پر حزب اختلاف کی جانب سے احتجاج)

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): حالات کی اصلاح کیلئے پولیس کو عمومی حالات کی نسبت زیادہ وسائل فراہم کئے جا رہے ہیں۔ مالی سال 10-2009 میں 9677 ملین روپے کی رقم مختص کی گئی ہے جو کہ پچھلے سال سے 47 فیصد زیادہ ہے۔ اضافی رقم 4421 نئی آسامیوں، تنخواہ میں اضافے، POL اور دیگر سازوسامان کی خریداری وغیرہ پر خرچ ہوگی۔

جناب سپیکر! آپ کی اجازت سے موجودہ مالی سال کے سالانہ ترقیاتی پروگرام کا ایک مختصر جائزہ پیش کرونگا۔ سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے سال 09-2008 کا ابتدائی حجم 41.545 بلین روپے بنتا ہے جبکہ نظر ثانی شدہ تخمینہ 39 بلین روپے ہے جو ابتدائی حجم سے 2.545 بلین روپے کم ہے۔

- صوبائی وسائل سے چلنے والے منصوبوں کیلئے 27.148 بلین روپے مختص کئے گئے تھے جس کا نظر ثانی شدہ تخمینہ 29.286 بلین روپے رہا، اس طرح نظر ثانی شدہ تخمینہ مختص رقم سے 7.87 فیصد زیادہ ہے۔
- بیرونی امداد کے تحت چلنے والے 40 منصوبوں کیلئے 4.617 بلین روپے مختص کئے گئے جبکہ نظر ثانی شدہ رقم 5.09 بلین روپے رہی اور اس طرح اس میں 473 ملین روپے کا اضافہ ہوا۔
- سالانہ ترقیاتی پروگرام میں منصوبوں کی کل تعداد 900 تھی جن میں 604 منصوبے جاری ہیں اور 296 نئے منصوبے تھے۔

جناب سپیکر! مالی سال 09-2008 کے ترقیاتی پروگرام میں تعلیم کے شعبے میں 88 منصوبوں کیلئے 5.507 بلین روپے مختص کئے گئے، جن میں 32 منصوبے مکمل ہوئے۔ محکمہ خواندگی وثانوی تعلیم کیلئے DFID کے تحت 1.541 بلین روپے دو منصوبوں کیلئے مختص کئے گئے جن میں درسی کتب کی مفت تقسیم اور ہائی سکولوں کی ذہین طالبات کیلئے وظائف کے منصوبے شامل ہیں۔

صحت کے شعبے کے 124 (85 جاری اور 39 نئے) منصوبوں کیلئے 3.94 بلین روپے مختص کئے گئے جن میں 28 نئے منصوبے مکمل کئے گئے۔ مالی سال 09-2008 میں زراعت کے شعبے کے 55 (25 جاری، 30 نئے) منصوبوں کیلئے 715.428 ملین روپے مختص کئے گئے جن میں 16 منصوبے مکمل کئے گئے۔

جناب سپیکر! حکومت نے سماجی بہبود و ترقی نسواں کے اصلاحاتی پروگرام کے ذریعے خصوصی افراد، خواتین، بچوں اور مردوں کی فلاح و بہبود کیلئے مالی سال 09-2008 کے 31 منصوبوں کیلئے 99.551 ملین روپے مختص کئے۔ موجودہ مالی سال کے دوران ضلع چارسدہ اور صوابی میں سلائی کڑھائی کے نئے مراکز قائم کئے گئے۔ ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتال چارسدہ اور صوابی میں سرکاری سرائے پر تعمیراتی کام جاری ہے۔ پشاور میں موجود نابینا بچوں کے سکول کی تعمیر نو کا کام شروع ہو چکا ہے۔ ہری پور میں مصیبت زدہ خواتین کیلئے دارالامان قائم کیا جارہا ہے اور صوبائی سطح پر چائلڈ ویلفیئر و پروٹیکشن بیورو قائم کیا گیا ہے۔ اس شعبے میں چار منصوبوں پر کام مکمل ہوا ہے۔

موجودہ مالی سال کیلئے شعبہ جنگلات، سیریکلچر، جنگلی حیات اور ماہی پروری کے 70 منصوبوں کیلئے 477.326 بلین روپے مختص کئے گئے ہیں جن میں سے 18 منصوبے مکمل کئے گئے۔ مکمل شدہ منصوبوں میں 26 ایکڑ پر محیط نئی نرسریاں، 4618 ایکڑ پر شجرکاری، 3,855 ایکڑ پر تخم ریزی، 48,630 ایکڑ پر جنگلات کی حدبندی اور 3,85,000 پودہ جات کی تقسیم کی گئی۔ علاوہ ازیں مارخور ہنٹنگ ٹرافی پروگرام کے تحت 2,94,000 ڈالر بطور پرمٹ فیس وصول کئے گئے جس کا 80 فیصد چترال اور کوہستال کی مقامی آبادیوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

شعبہ آبپاشی کے 41 منصوبوں (27 جاری، 14 نئے) کیلئے 1.2 بلین روپے مختص کئے گئے جن میں سے چھ منصوبے مکمل کئے گئے۔

شعبہ صنعت و حرفت کیلئے موجودہ مالی سال کے ترقیاتی پروگرام میں 60 منصوبوں (24 جاری اور 36 نئے) کیلئے 1.1 بلین روپے مختص کئے گئے جن میں سے 15 منصوبے موجودہ مالی سال کے اختتام سے پہلے مکمل کئے جائیں گے۔

جناب سپیکر! اب میں ایوان کی توجہ چند اہم امور کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔

صوبائی حکومت صوبے میں تعلیم کے شعبے پر سب سے زیادہ توجہ دے رہی ہے۔ ہمارے مسائل کا حل شرح خواندگی میں اضافے کے ساتھ منسلک ہے۔ ہماری حکومت صوبے کے مالی وسائل کے مطابق صوبے میں تعلیم کے فروغ کیلئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔ مردان میں 'عبدالولی خان یونیورسٹی' کا قیام صوبائی حکومت کی کوششوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ الحمد للہ یونیورسٹی نے کلاسیں شروع کر دی ہیں۔ صوبائی حکومت نے مالی سال 09-2008 میں 85 ملین روپے بطور گرانٹ فراہم کئے ہیں اور آئندہ مالی سال کیلئے 50 ملین روپے کی رقم رکھی گئی ہے۔ علاوہ ازیں ہائر ایجوکیشن کمیشن کی ہدایات کے مطابق یونیورسٹی کیلئے زمین کی خریداری صوبائی حکومت کرے گی جس کیلئے آئندہ مالی سال میں 235 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ مذکورہ یونیورسٹی کے قیام سے جہاں علاقے میں تعلیم عام ہوگی، وہاں مردان اور گرد ونواح کے طلباء پر مالی بوجھ میں خاطر خواہ کمی آئے گی۔ صوبائی حکومت پرائمری سے ثانوی سطح تک طلباء کیلئے تدریسی کتب مفت فراہم کر رہی ہے۔ اس مقصد کیلئے آئندہ مالی سال میں 800 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں قابل اور نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی سرکاری ہائی سکولوں میں زیر تعلیم طالبات کو ماہانہ وظیفہ بھی دیا جاتا ہے جس پر آئندہ مالی سال میں 700 ملین روپے خرچ کئے جائیں گے۔ حکومت نے نادار اور ذہین طلباء و طالبات کو صوبے کے معیاری پرائیویٹ تعلیمی اداروں میں سرکاری خرچ پر تعلیم دینے کے شروع کی گئی سکیم کیلئے آئندہ مالی سال میں 10 ملین روپے مختص کئے ہیں۔ صوبائی حکومت کی جانب سے پسماندہ اضلاع میں خواتین اساتذہ کو ماہانہ 1000 روپے بطور سپیشل الاؤنس اور پک اینڈ ڈراپ الاؤنس بھی دیا جائے گا۔

جناب سپیکر! صوبائی حکومت صحت کے شعبے میں صوبے کے عوام کو معیاری طبی سہولتیں فراہم کرنے کیلئے پر عزم ہے۔ ہسپتالوں کی خود مختاری کو بہتر بنانے کیلئے کئی اقدامات کئے ہیں جن میں شفاف طریقہ کار کے بعد چیف ایگزیکٹیوز کی تعیناتی شامل ہے۔ صوبائی حکومت ایمرجنسی ایمبولینس سروس ریسکیو 1122 کو جلد متعارف کرا رہی ہے۔ زچہ و بچہ کی نگہداشت اور متعدی امراض جیسے ٹی بی، یرقان اور ایڈز وغیرہ کی روک تھام کو بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

جناب سپیکر! صوبہ سرحد میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر صوبائی حکومت کو بڑے چیلنجز کا سامنا ہے۔ صوبہ سرحد (پختونخوا) کی جغرافیائی صورتحال کے پیش نظر۔۔۔۔

(شور)

(حزب اختلاف کی جانب سے لفظ 'پختونخوا' پر احتجاج)

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): صوبہ سرحد نہیں بولونگا، پختونخوا بولونگا، (تالیاں) تخریب کار آسانی سے بارڈر عبور کر کے ہماری حدود میں داخل ہوتے ہیں۔

(شور)

(لفظ 'پختونخوا' پر مسلم لیگ (ن)، مسلم لیگ (ق) اور ایم ایم اے کے اراکین کا احتجاج)

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): تخریب کاری کی اس لعنت کو ختم کرنے کیلئے صوبائی حکومت حتی المقدور کوشش کر رہی ہے۔۔۔۔۔

سید محمد صابر شاہ: آئین کے مطابق اس صوبے کا نام صوبہ سرحد ہے، جس آئین کے تحت ہم سب یہاں بیٹھے ہوئے ہیں۔

جناب سپیکر: یہ۔۔۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): صوبے میں جناب وزیر اعلیٰ کے اعلان کی روشنی میں پولیس ایلیٹ فورس کا قیام، پولیس فورس میں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: یہ چھوٹے چھوٹے ایشوز پہ اتنا برہم ہونا۔۔۔۔۔

(شور)

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): پولیس فورس میں 1762 اضافی آسامیوں کی منظوری، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل اور ڈپٹی انسپکٹر جنرل کی 11 آسامیوں کی منظوری ان کوششوں کا حصہ ہے۔۔۔۔۔

(شور)

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): صوبائی حکومت نے آئندہ مالی سال 10-2009 دوران ضلع مانسہرہ میں پولیس فورس میں اضافہ کرتے ہوئے 137 نئی آسامیوں کی منظوری دی ہے۔ پولیس کیلئے ٹرانسپورٹ کی خریداری کیلئے 100 ملین روپے فراہم کئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ مشینری اور آلات کی خریداری کیلئے 4 کروڑ روپے، اسلحہ کی خریداری کیلئے 31 ملین روپے، ایلیٹ فورس کی تربیت کیلئے 71 ملین روپے فراہم کئے جائیں گے۔

جناب سپیکر! صوبہ پختونخوا بنیادی طور پر ایک زرعی صوبہ ہے۔ (تالیاں) 80 فیصد آبادی کا انحصار زراعت پر ہے جس میں 70 فیصد براہ راست زراعت سے وابستہ ہے۔۔۔۔۔۔

(شور)

(حزب اختلاف کی جانب سے احتجاج)

جناب سپیکر: میری تمام معزز اراکین سے گزارش ہے۔۔۔۔۔

(شور)

جناب عالمگیر خان خلیل: جناب سپیکر صاحب، دا چا باندے چه بده لگی، هغه د راپاخی او بهر د لاړ شی، بهر د کښینی۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: تمام معزز اراکین سے گزارش ہے، یہ آج بجٹ کی خصوصی تقریر ہو رہی ہے، آپ بیٹھیں جی۔ پیر صاحب! آپ بیٹھ جائیں۔ پیر صاحب، پیر صاحب، آپ بیٹھیں جی۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر، صوبے کا جو آئینی نام ہے، یہ وہ لیں۔

جناب سپیکر: آپ دیکھیں جی، آپ 223 ذرا پڑھیں۔ جو ممبر تقریر کر رہا ہو، اس میں Interruption کی اجازت نہیں ہے۔

آوازیں: یہ صوبے کا آئینی نام نہیں لے رہے ہیں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: یہ میں فیصلہ کرونگا، آپ نہیں کریں گے۔ بیٹھیں، آپ سارے بیٹھ جائیں، آپ سارے بیٹھ جائیں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: آپ سارے بیٹھ جائیں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: جی آپ تقریر جاری رکھیں۔

سینئیر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): پختونخوابنیادی طور پر ایک زرعی صوبہ ہے، 80 فیصد آبادی کا انحصار زراعت پر ہے جس میں 70 فیصد براہ راست زراعت سے وابستہ ہے۔ صوبائی حکومت کی کوشش رہی ہے کہ زراعت کو صنعت کا درجہ دیا جائے۔۔۔۔۔

(شور)

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر، ہمیں اس ضمن میں بات کرنے کا موقع دیا جائے۔

(شور)

جناب سپیکر: سپیچ کے بعد پھر سر، سپیچ کے دوران نہیں۔

سینئیر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): صوبہ خوراک کی قلت سے دوچار ہے۔ ہم بمشکل اپنی خوراک کی ضروریات کا 30 فیصد حصہ اپنی پیداوار سے پورا کرتے ہیں جبکہ باقیماندہ ضروریات پنجاب سے گندم اور آٹے کی درآمد سے پوری کرتے ہیں۔۔۔۔۔

(شور)

سینئیر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): صوبے میں مختلف پھلوں کے باغات کو فروغ دینے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ مگس بانی (شہد کی مکھی) کو فروغ دیا جائیگا۔ جانوروں اور مرغیوں کی ویکسینیشن اور علاج پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔

صوبائی حکومت کو پنجاب اور پاسکو سے گندم کی خریداری کو یقینی بنانے کیلئے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: حکومتی اراکین سے گزارش ہے کہ وہ ذرا سیریس ہو جائیں۔

سینئیر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): گندم کی خریداری کو یقینی بنانے کیلئے ہر سال سبسڈی کی مد میں اچھی خاصی رقم فراہم کرنی پڑتی ہے۔ رواں مالی سال کے دوران وفاقی حکومت نے گندم کی قیمت خرید 23,750 روپے فی میٹرک ٹن مقرر کی ہے جبکہ فلور ملوں کو مذکورہ گندم 24,620 روپے فی میٹرک ٹن کے حساب سے فروخت کی جارہی ہے۔ گندم کی زائد قیمت ٹرانسپورٹیشن اور متفرق ذیلی اخراجات کی مد میں 14.022 بلین روپے صوبائی حکومت کو برداشت کرنی پڑے گی۔ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں دو بلین روپے فراہم کئے گئے ہیں جبکہ 2.2 بلین روپے فاٹا اور 10.022 بلین روپے وفاقی حکومت سے طلب کئے جائیں گے۔ جناب سپیکر، پختونخوا کو اللہ تعالیٰ نے۔۔۔۔۔

(تالیاں / شور)

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی وترقی): صوبائی حکومت ان آبی وسائل کی استعداد کو بروئے کار لاکر۔۔۔۔۔

(شور)

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی وترقی): صوبے کی آمدنی میں خاطر خواہ اضافہ، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور ملک میں بجلی کے بحران پر قابو پانے کیلئے حتی الامکان کوشش کر رہی ہے۔

(شور)

جناب سپیکر: جناب پیر صاحب! آپ تشریف رکھیں۔

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی وترقی): جناب سپیکر، پختونخوا میں جنگلات کل رقبے کے 17 فیصد حصے پر محیط ہیں۔ جنگلات ہمارے صوبے کا قیمتی اثاثہ اور آمدنی کا معقول ذریعہ ہے۔۔۔۔۔۔

(شور)

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی وترقی): جنگلات کے علاوہ قدرت نے صوبے کو انواع واقسام کی جنگلی حیات سے بھی نوازا ہے۔ اس کے علاوہ شعبہ ماہی پروری بھی اپنا منفرد کردار ادا کر رہی ہے۔ صوبہ پختونخوا کے قدرتی آبی ذخائر بشمول دریاؤں، جھیلوں، ندی نالوں اور ڈیمز میں پائی جانے والی مچھلیوں کی مختلف اقسام شامل ہیں۔۔۔۔۔

(شور)

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): فش فارمنگ کے فروغ کیلئے صوبائی حکومت مثبت اقدامات کر رہی ہے۔۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: بیٹھ جائیے، بیٹھ جائیے۔

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی وترقی): جناب سپیکر، اب آپ کی اجازت سے۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں، آپ کو اظہار خیال کا موقع ملے گا۔ آپ بیٹھ جائیں۔

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): اب آپ کی اجازت سے سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے مالی سال 2009-10 پیش کرتا ہوں۔ سالانہ ترقیاتی پروگرام بناتے وقت اس امر کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ جاری

منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے زیادہ سے زیادہ فنڈ مہیا کیا جائے۔اس کے علاوہ صحت، تعلیم، پینے کے صاف پانی اورآبپاشی اور زراعت کے شعبوں کو خصوصی طور پر زیادہ سے۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: لودھی صاحب! بیٹھ جائیں۔

سینیئر وزیر(منصوبہ بندی وترقی): خصوصی طور پر زیادہ فنڈ مہیا کئے جائیں گے۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: بیٹھ جائیں، بی بی۔

سینیئر وزیر(منصوبہ بندی وترقی): سالانہ ترقیاتی پروگرام 2009-10 کا تخمینہ 51.157 بلین روپے ہے جو مالی سال 2008-09 کے تخمینے سے۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: دیکھیں، آپ کو پورا موقع ملے گا، پھر اس پہ سب کچھ بولتے جائیں۔Now، ابھی ذرا سننے دیں۔

سینیئر وزیر(منصوبہ بندی وترقی): جو مالی سال 2009-10 کے تخمینے سے 9.613 بلین روپے یعنی 23 فیصد زیادہ ہے۔۔۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: آپ کو موقع ملے گا، آپ کو موقع ملے گا۔

(شور)

جناب سپیکر: جب آپ کے بولنے کا وقت آئے گا تو آپ پھر بولیں۔اس وقت آپ سنیں۔

سینیئر وزیر(منصوبہ بندی وترقی): ترقیاتی پروگرام میں صوبائی حکومت کا اپنا حصہ 32.546 بلین روپے ہے جو مالی سال 2008-09 کے منظور شدہ بجٹ تخمینہ 27.148 بلین روپے سے 20% زیادہ ہے۔

جناب عالمگیر خان خلیل: په چا چه بده لگی ، هغه د را پاخی ۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: عالمگیر خان! بیٹھ جائیں۔

سینیئر وزیر(منصوبہ بندی وترقی): صوبائی ترقیاتی پروگرام 861 منصوبوں پر مشتمل ہے جس میں 650 جاری اور 211 نئے منصوبے شامل ہیں۔ سالانہ ترقیاتی پروگرام 2009-10 میں 6.644 بلین روپے کی

بیرونی امداد بھی شامل ہے۔ جناب سپیکر، وفاقی حکومت نے کھلے دل اور کھلے ہاتھ سے صوبہ سرحد کی اعانت کی ہے۔ صوبے میں خصوصی /پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ پروگرام (PSDP) کے تحت 30 ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد ہو رہا ہے جن کیلئے 10.05 بلین روپے مہیا کئے جا رہے ہیں۔ ان کے علاوہ متعدد بڑے منصوبے جیسے گومل زام ڈیم، پشاور سدرن بائی پاس روڈ وغیرہ کیلئے تقریباً 17 بلین روپے مختص کئے ہیں جو وفاقی اداروں کے ذریعے صوبہ سرحد پختونخوا میں خرچ کئے جائیں گے۔ ان منصوبوں کی تکمیل سے صوبے کی معاشی ترقی میں انقلاب آئے گا اور فوری طور پر روزگار کے مواقع بھی فراہم ہونگے۔ ہم اس کیلئے مرکزی حکومت کے تہہ دل سے مشکور ہیں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: جی، خاموش ہو جائیں، پلیز، پلیز۔

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): مالی سال 10-2009 میں صحت کے شعبے پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ صحت کے شعبے میں 108 سکیمیں شامل کی گئی ہیں جن میں 85 جاری اور 23 نئی ہیں۔ مذکورہ سکیموں کیلئے 4.334 بلین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ جاری سکیموں کیلئے 3649.156 ملین اور نئی سکیموں کیلئے 684.712 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ چیدہ چیدہ منصوبوں میں:

- مردان میں شہید محترمہ بے نظیر بھٹو چلڈرن ہسپتال کا قیام۔
- ضلعی ہسپتال مانسہرہ اور بٹگرام میں ہاسٹلز کی تعمیر۔
- خیبر تدریسی ہسپتال اور خیبر میڈیکل کالج کی بہتری اور بحالی۔
- یرقان (Hepatitis) کے 5000 مریضوں کا علاج۔
- مردان میں باچاخان میڈیکل کالج کا قیام۔

(تالیاں)

- میڈیکل کالجوں کیلئے جنریٹرز کی فراہمی۔
- خیبر میڈیکل یونیورسٹی کی عمارت کیلئے 110 ملین روپے کی فراہمی اور
- خیبر گرلز میڈیکل کالج کے ہاسٹلز کی تعمیر شامل ہیں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر! صوبہ سرحد (پختونخوا) میں خواندگی کی شرح کو۔۔۔۔۔

(شور)

<u>سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی)</u>: مناسب حد تک لے جانے کیلئے صوبائی حکومت ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔ اس امر سے انکار ممکن نہیں کہ تعلیم سماجی و معاشرتی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ مالی سال 10-2009 کے ترقیاتی پروگرام میں اس شعبے پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ 6.06 روپے کی لاگت سے اس شعبے میں کل 91 سکیموں پر ترقیاتی کام ہوگا جس میں 58 جاری اور 33 نئے منصوبے شامل ہیں۔ چیدہ چیدہ منصوبوں کی تفصیل یہ ہے:

- پشتولغت (دریاب) کی بہتری کیلئے فنڈز کی فراہمی۔
- 150 پرائمری سکولوں کا قیام اور مختلف سکولوں میں 500 اضافی کلاس رومز کی تعمیر۔
- 120 پرائمری اور 100 مڈل سکولوں کی اپ گریڈیشن۔
- صوبہ پختونخوا میں گورنمنٹ مڈل اور ہائی سکولوں کی عمارتوں کی از سر نو تعمیر و بحالی۔

(تالیاں، شور)

- 400 سکولوں میں چار دیواری، صاف پینے کا پانی اور لیٹرین کی فراہمی۔

(تالیاں)

- زنانہ تعلیم کی حوصلہ افزائی کیلئے ششم تا دہم کی طالبات کو 200 روپے ماہوار وظیفہ کی فراہمی۔
- گورنمنٹ کالجوں میں طلباء اور اساتذہ کیلئے ہاسٹلوں کی تعمیر۔
- گورنمنٹ کالجوں میں سائنس، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور پوسٹ گریجویٹ بلاکوں کی تعمیر۔

<u>سید محمد صابر شاہ</u>: جناب سپیکر، ہم سینیئر وزیر صاحب کے اس رویے پر احتجاجاً واک آؤٹ کرتے ہیں۔

(اس مرحلہ پر مسلم لیگ (ن) اور مسلم لیگ (ق) سے تعلق رکھنے والے اراکین نے واک آؤٹ کیا)

<u>سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی)</u>: طالبات اور خواتین اساتذہ کو باوقار طریقے سے کالج آنے جانے کیلئے بسوں کی فراہمی۔

- کالج اساتذہ کو ملازمت سے قبل تربیت دینے کیلئے اکیڈمی کا قیام۔

جناب سپیکر، زراعت کے شعبے کیلئے سالانہ ترقیاتی پروگرام 10-2009 میں 796.663 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں جن میں 47 جاری منصوبوں کیلئے 574.567 ملین روپے اور 17 نئے منصوبوں کیلئے 222.096 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ نئے منصوبوں میں۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میاں صاحب او عبدالاکبر خان، تاسو لاړ شئ۔

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): نئے منصوبوں میں چند منصوبے یہ ہیں:

- چھوٹے کاشتکاروں کی زمین کی ترقی اور قابل۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میاں افتخار صاحب، عبدالاکبرخان، تاسو ورشئ، اکرم خان! تۀ هم ورسره لاړ شه۔

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): چھوٹے کاشتکاروں کی زمین کی ترقی اور قابل پیداوار بنانا۔

- آبپاشی کی نالیوں کو بہتر بنانا۔
- جانوروں کی ڈسپنسریوں کی تعمیر اور موبائل ڈسپنسریوں کی توسیع۔
- دودھ اور گوشت کی پیداوار میں اضافے کیلئے پائلٹ پراجیکٹ۔
- 100 نئے بلڈوزر کی خریداری۔
- 65 پانی ذخیرہ کرنے کے تالاب، 65 چیک ڈیم اور 130 حفاظتی پشتوں کی تعمیر اور 100 ڈگ ویل/ٹیوب ویل کی تنصیب۔

جناب سپیکر، صوبائی حکومت صوبے میں آمدورفت کو زیادہ سے زیادہ موثر اور آسان بنانے کیلئے اس شعبے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شاه حسین! تۀ هم لږ ورشه۔

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): اس شعبے کو موثر اور باسہولت بنانے سے نہ صرف معاشی ترقی کا حصول ممکن ہے بلکہ عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں بھی مدد ملتی ہے۔ اس شعبے میں آئندہ مالی سال کیلئے ترقیاتی پروگرام میں 115 منصوبے شامل ہیں جن میں 105 جاری اور 10 نئے منصوبے ہیں۔ مجموعی طور پر 5.137 بلین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ چیدہ چیدہ منصوبے یہ ہیں:

- پشاور ورسک روڈ کو دورویہ کرنا۔
- مردان صوابی روڈ تا شہباز گڑھی روڈ کی بحالی۔
- ضلع چارسدہ میں نستہ برانچ اور خان ماہی برانچ روڈ کی تعمیر۔
- اکبرپورہ دلہ زاک روڈ کی تعمیر و بحالی۔
- صوبائی ہائی وے کے سریکوٹ تلہنیاں سیکشن کی بہتری و کشادگی۔

- مختلف اضلاع میں 650 کلو میٹر سڑکوں کی کشادگی، بہتری و بحالی اور 12 پلوں کی تعمیر کیلئے خطیر رقم کی فراہمی۔

جناب سپیکر! سڑکوں کے علاوہ عمارات کے شعبے کی کل 61 سکیموں کیلئے 856.421 ملین روپے مختص کئے ہیں جن میں 53 منصوبے جاری اور 8 نئے ہیں۔چند نئے منصوبے یہ ہیں:

- صوبے کی جیلوں میں کیمروں اور سکینرز کی تنصیب۔
- خوراک کے ذخیرے کیلئے گوداموں کی تعمیر۔
- گوادر بلوچستان میں پختونخواہاؤس کی تعمیر کیلئے فنڈز کی فراہمی۔
- سول سیکرٹریٹ میں خان عبدالولی خان ملٹی کمپلیکس کی تعمیر۔

(تالیاں)

جناب سپیکر، جنگلات قدرت کا دیا ہوا ایک قیمتی اثاثہ ہے جو ماحول پر خوشگوار اثرات مرتب کرنے کے علاوہ صوبے کی آمدنی کا ایک معقول ذریعہ بھی ہے۔

(تالیاں)

(اس مرحلہ پر مسلم لیگ(ن)اور (ق) کے اراکین احتجاج ختم کرکے واپس آ گئے)

سینئیر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): صوبے کی خوش قسمتی ہے، شاہ صاحب، آپ کی روڈ کا ذکر کر دیا ہے میں نے۔۔۔۔

(شور)

سینئیر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): اس صوبے کی خوش قسمتی ہے کہ صوبہ سرحد میں کل رقبے کا 17 فیصد حصہ جنگلات پر محیط ہے اور حکومت کی یہ حتی الامکان کوشش ہے کہ صوبے میں جنگلات کو وسعت دینے کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لایا جائے۔اگلے مالی سال کیلئے جنگلات کے شعبے کی ترقی کیلئے 201.632 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ ترقیاتی پروگرام میں کل 54 منصوبے شامل ہیں جن میں 34 جاری اور 20 نئے منصوبے ہیں۔

جنگلات کے علاوہ صوبہ سرحد پختونخوا میں (تالیاں) ماہی پروری کے شعبہ کو فروغ دینے کیلئے آئندہ مالی سال کے ترقیاتی پروگرام میں 14 سکیموں کیلئے 152.456 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔

جناب سپیکر: جو کتاب میں لکھا ہے، اس تک محدود رہیں (تالیاں) تاکہ بجٹ شام سے پہلے پہلے ختم ہو جائے۔ (شور)

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): اسی طرح جنگلی حیات کے شعبے۔۔۔۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور [سینیئر وزیر (بلدیات)]: یہ تو اب آپ کی رولنگ ہوئی۔ آپ نے سپیکر صاحب، رولنگ دی ہے کہ اس صوبے کو 'پختو نخوا' کہہ سکتے ہیں تو آپ مہربانی کر کے ایسی رولنگ نہ دیں جو بات غلط ہو۔۔۔۔۔

(شور / قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: بیٹھ جائیں۔ یہ بجٹ ڈاکومنٹ ہے، اس کو اسی طرح پڑھ سکتے ہیں وہ۔

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): اسی طری جنگلی حیات کے شعبے کو فروغ دینے کیلئے 92.760 ملین روپے کی رقم بھی مختص کی گئی ہے، اس میں 25 سکیموں پر کام ہوگا۔ جناب سپیکر! پریذیڈنٹ آف پاکستان نے قومی اسمبلی میں ہمارے صوبے کو 'پختو نخوا' کے نام سے پکارا ہے۔ اس میں 25 سکیموں پر کام ہوگا۔۔۔۔

(شور)

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): سیریکلچر (ریشم سازی) کی صنعت کے فروغ کیلئے 5 ترقیاتی منصوبوں کیلئے 21.777 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔

ماحولیات کی مد میں 40.138 ملین روپے کی لاگت سے 9 ترقیاتی منصوبوں پر عمل ہوگا۔

جناب سپیکر، صوبے میں عوام کو ٹرانسپورٹ کی بہتر سہولیات مہیا کرنے کیلئے جہاں ایک الگ محکمہ قائم کیا گیا ہے، وہاں 419.5 ملین روپے کی لاگت سے 5 سکیمیں ترقیاتی پروگرام میں شامل کی گئی ہیں۔ عوام کو آلودگی سے پاک، عوام دوست ٹرانسپورٹ سروس فراہم کرنے کیلئے 200 سی این جی بسیں خریدنے کا پروگرام ترتیب دیا گیا ہے۔ مذکورہ منصوبے پر عملدرآمد کیلئے ایک انتظامی یونٹ کا قیام ترقیاتی پروگرام میں شامل کیا گیا ہے جس پر 7 ملین روپے خرچ کئے جائیں گے۔ (تالیاں) علاوہ ازیں صوبے میں روٹ پرمٹ کے نظام کو کمپیوٹرائز کرنے کیلئے ترقیاتی پروگرام میں 2 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت پشاور میں جنرل ٹرک سٹینڈ کے قیام کیلئے 400 ملین روپے کی لاگت سے اراضی خریدی جائے گی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر! محکمہ سماجی بہبود کیلئے آئندہ مالی سال کے ترقیاتی پروگرام میں 30 منصوبوں کیلئے 122.509 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ نئے منصوبوں میں رنگ مالا ہسپتال مالاکنڈ میں نشے کے عادی مریضوں کیلئے ماڈل ڈرگ سنٹر کی تعمیر نواور پشاور میں غریب اور بے سہارا بچوں کی حفاظت اور بحالی کیلئے ایک پائلٹ پراجیکٹ بھی شامل ہے۔ خواتین کی بہبود کیلئے مختص شدہ رقم کے تحت 600 بے سہارا خواتین کو ہنر کی تعلیم دی جائے گی اور 100 کام کرنے والی خواتین کو رہائش کی سہولت فراہم کی جائے گی۔

جناب سپیکر! صوبائی حکومت اقلیتوں کو تحفظ اور ہر قسم کی سہولتیں بہم پہنچانے کیلئے حتی الامکان کوشش کر رہی ہے۔ اقلیتیں نہ صرف ہمارے دست و بازو ہیں بلکہ صوبے کی معیشت کو فروغ دینے اور ترقی کے ہر عمل میں برابر کے شریک ہیں۔ صوبائی حکومت نے اگلے مالی سال کے دوران اقلیتوں کیلئے رہائشی کالونیاں تعمیر کرنے کیلئے 5 ملین روپے مختص کئے ہیں۔ علاوہ ازیں صوبہ میں اقلیتوں کیلئے فنی مہارت میں وسعت دینے کیلئے منصوبہ بندی بھی کی گئی ہے جس پر 5 ملین روپے خرچ کئے جائیں گے۔

جناب سپیکر! صوبائی سطح پر آئین پاکستان کی روشنی میں اقلیتوں کے حقوق و ترقی کیلئے صوبائی حکومت نے کئی اقدامات کئے ہیں جن کے تحت مذہبی مقامات کی بحالی و مرمت اور انہیں سہولیات بہم پہنچائی جائیں گی۔ اس کے علاوہ وادئ کالاش کی اقلیتی برادری کیلئے خصوصی مراعات کا منصوبہ شامل ہے۔ یوں اس شعبے میں 10 ترقیاتی منصوبوں کیلئے 35.710 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں، ان میں 5 جاری اور 5 نئے منصوبے شامل ہیں۔

جناب سپیکر! شہری علاقوں میں آبادکاری کے رجحان میں اضافہ سے وہاں کے بندوبستی محکموں کی ذمہ داریوں میں اضافہ ہوا ہے۔ پشاور شہر کو ترقی اور وسعت دینے کیلئے اس سال بھی شہری ترقی کے شعبہ میں متعدد منصوبوں پر کام جاری رہے گا۔ نیز کئی نئے منصوبے جن میں بھانہ ماڑی اور بیری باغ تا پنج کٹھ چوک روڈ کے چند حصوں کی تعمیر و مرمت، سپیریئر سائنس کالج روڈ اور صوبے کے میجر اربن سنٹرز میں انفراسٹرکچر کی تعمیر، نئے اربن ماڈل ٹاؤن شپس (Townships) کے قیام، گرین پشاور پراجیکٹ، صدر روڈ انٹر سیکشن اور گورنر ہاؤس سڑک کی بہتری کے منصوبے شامل کئے گئے ہیں۔ اس شعبے کے 14 منصوبوں کیلئے 195.645 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ ان میں دس جاری اور چار نئے منصوبے شامل ہیں۔

جناب سپیکر! پن بجلی کی ترقی صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد (پختونخوا) نے صوبائی اسمبلی کے پہلے خطاب میں یہ واضح کیا تھا کہ پن بجلی کے شعبے کی ترقی ہی میں ہماری بقاء ہے۔ اس شعبے کو ترقی دینے کیلئے ایک الگ محکمہ 'انرجی اینڈ پاور' کا قیام عمل میں لایا گیا ہے تاکہ اس شعبے کو موزوں طریقے سے ترقی دی جاسکے۔ اس محکمہ کے قیام سے وفاق کے ساتھ تمام حل طلب مسائل کو بھی احسن طریقے سے نمٹایا جارہا ہے۔ اس کے علاوہ سرمایہ کاروں کو مزید مراعات دینے کیلئے ہائیڈل پالیسی 2006 میں ضروری ترامیم بھی زیر غور ہیں۔ سالانہ ترقیاتی پروگرام 10-2009 میں اس شعبہ میں کل 11 منصوبے شامل کئے گئے ہیں جن میں 6 جاری منصوبے اور 5 نئے منصوبے شامل ہیں۔ نئے منصوبوں میں 84 میگاواٹ مٹلتان سوات، 28 میگاواٹ سمرگاہ، 18 میگاواٹ کوٹو، 7.5 میگاواٹ جبوڑی اور 8 میگاواٹ کروڑہ کی تعمیر کا کام ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے شروع کیا جائے گا جبکہ عوام کو واپڈا کے میٹر چیکنگ کے عملے کے غیر مناسب رویہ سے نجات دلانے کیلئے میٹر لیبارٹری قائم کی جائے گی۔ اس کے علاوہ ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے مزید 6 منصوبوں کی مطالعاتی جائزہ رپورٹوں پر بھی کام شروع کیا جائے گا۔ ان منصوبوں سے 180 میگاواٹ بجلی حاصل کی جائے گی۔ اس سال اس شعبے کیلئے اے ڈی پی میں 441.308 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔

جناب سپیکر! محکمہ آبپاشی کیلئے اگلے مالی سال کے ترقیاتی پروگرام میں 1406.496 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں جس میں 33 جاری اور 19 نئے منصوبے شامل ہیں۔ نئے منصوبوں کیلئے 485.3 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں جن میں چیدہ چیدہ منصوبے یہ ہیں:

- 20 آبپاشی ٹیوب ویلوں کی بحالی۔
- چھوٹے تالابوں کی تعمیر (فیز ٹو)۔
- نہروں کے کنارے سڑکوں کی تعمیر (حصہ دوم)۔
- سیلاب سے بچاؤ کی موجودہ سکیموں کی بحالی اور توسیع۔
- ضلع پشاور اور ہری پور میں 20 عدد ٹیوب ویلوں کی تعمیر اور
- پشتون گڑھی ضلع نوشہرہ میں نالوں، سڑکوں اور پلوں کی تعمیر۔

جناب سپیکر! صوبائی حکومت نے صنعتی ترقی کو فروغ دینے کیلئے منصوبہ بندی کر رکھی ہے۔ اس شعبے کی ترقی سے جہاں صوبے کی معیشت کو استحکام ملے گا، وہاں بیروزگاری کو کم کرنے میں بھی مدد ملے

گی۔ صوبہ سرحد کو اللہ تعالیٰ نے قدرتی وسائل سے نوازر کھا ہے (تالیاں) معدنیات اور قیمتی پتھروں سے استفادہ اور وسائل کو بڑھانے کیلئے جامع حکمت عملی تیار کی گئی ہے۔

صنعتی شعبہ میں محکمہ صنعت، سمال انڈسٹریز، پختونخوا ترقیاتی ادارہ، مزدوروں کی فلاح و بہبود، فنی تعلیم و افرادی قوت اور معدنیات کے شعبے شامل ہیں۔ اگلے مالی سال کے ترقیاتی پروگرام میں 42 جاری اور 18 نئے منصوبوں کیلئے مجموعی طور پر 1173.660 ملین روپے کی رقم مختص کی گئی ہے۔ چیدہ چیدہ منصوبے یہ ہیں:

- موجودہ سمال انڈسٹریل اسٹیٹ صوبہ پختونخوا میں انفراسٹرکچر سہولتوں کی بحالی۔
- پٹی ٹریننگ سنٹر رحیم آباد کی دوبارہ بحالی۔
- چترال میں ماربل اور گرینائٹ کی صنعت کو فروغ دینے کیلئے زمین کی خریداری۔
- انڈسٹریل اسٹیٹ پشاور اور نوشہرہ میں قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے آگ بجھانے اور جان بچانے کے آلات کی خریداری۔
- گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی بنوں اور گورنمنٹ پولی ٹیکنک انسٹیٹیوٹ بونیر میں میکاٹرانکس اور مائننگ کے شعبوں کیلئے آلات اور فرنیچر کی خریداری۔
- گورنمنٹ کمرشل ادارہ واڑی اپر دیر میں فرنیچر اور آلات کی خریداری اور
- پختونخوا کے جنوبی علاقوں میں معدنیات کی تلاش۔ (تالیاں)

جناب سپیکر! صوبہ سرحد اپنے محل وقوع، صوبہ پختونخوا (تالیاں) اپنے محل وقوع، ثقافتی ورثے اور گندھارا تہذیب کے حوالے سے ہمیشہ منفرد اہمیت کا حامل رہا ہے۔ صوبائی حکومت نوجوان نسل کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کیلئے گندھارا تہذیب کے تاریخی خدوخال کو سیاحوں کیلئے مزید پرکشش بنانا چاہتی ہے۔ اس مقصد کیلئے 23 جاری اور 11 نئے منصوبوں کیلئے مجموعی طور پر 332.622 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں جن میں 80 ملین روپے سیاحتی مقامات کو پرکشش بنانے کیلئے مختص کئے گئے ہیں۔ آئندہ مالی سال کے ترقیاتی پروگرام میں شامل چند نئے منصوبے یہ ہیں:

- غنی ڈھیری چارسدہ میں لائبریری کی عمارت کی مرمت اور بہتری۔
- قیوم اسٹیڈیم پشاور کے پرانے پویلین کی از سر نو تعمیر۔
- ارباب نیاز کرکٹ اسٹیڈیم پشاور کی بہتری و بحالی۔

- لنڈی ارباب اور بڈھ بیر پشاور میں کھیل کے میدانوں کی تعمیر اور
- صوبہ پختونخوا میں کھیل کی موجودہ سہولتوں کی ترقی وترویج۔

جناب سپیکر! عالمی سطح پر بدلتی ہوئی سائنس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی اہمیت کے پیش نظر مالی سال 2009-10 میں اس شعبے کے فروغ پر 157.827 ملین روپے کی لاگت سے 22 منصوبوں پر عمل ہوگا۔ سالانہ ترقیاتی پروگرام میں اس شعبے کیلئے ایسی سکیمیں تجویز کی گئی ہیں جن سے عوام بہتر طور پر مستفید ہو سکیں، ان میں لیبارٹریوں کا معیار بہتر بنانا اور گزشتہ سال میں جاری سکیموں کو مزید وسعت دینا شامل ہے۔ علاوہ ازیں آئی۔ٹی کے شعبہ میں ایسی سکیمیں تجویز کی گئی ہیں جن میں صوبے کے نوجوانوں کی بہتری ہو سکے تاکہ وہ اپنے لئے آمدنی کا مناسب ذریعہ حاصل کر سکیں۔ علاوہ ازیں پولیس کے نظام کو بھی مزید کمپیوٹرائز کیا جائے گا تاکہ اس کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آسکے۔

جناب سپیکر! پختونخوا میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کسی سے پوشیدہ نہیں۔ اس صورتحال نے نہ صرف صوبے کی معاشی حالت کو متاثر کیا ہے بلکہ روزمرہ کی سماجی زندگی میں بھی مشکلات پیدا کی ہیں۔ موجودہ صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے ان پر قابو پانے کیلئے صوبائی حکومت نے گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی موثر اقدامات کرنے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ اس کے تحت پولیس کے شعبے کو مزید موثر اور فعال بنانا، پولیس کو جدید طرز کے اسلحہ کی فراہمی، تباہ شدہ املاک کی از سر نو تعمیر کے علاوہ پولیس فورس کی معاشی حالت میں بہتری لانے کے کئی منصوبے شامل ہیں۔ اس شعبے کیلئے سالانہ ترقیاتی پروگرام 2009-10 میں 1138 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔

جناب سپیکر! پختونخوا میں غربت کی بڑھتی ہوئی شرح اور غیر مستحکم معاشی و معاشرتی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے موجودہ حکومت نے تہیہ کیا ہے کہ ایسے اقدامات اٹھائے جائیں جو صوبے کے عوام کو غربت کی دلدل سے نجات دلانے میں معاون ثابت ہوں۔ اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر غربت کے خاتمے کیلئے حکومت نے 1500 ملین روپے کی رقم سے ایک جامع پروگرام شروع کیا ہے جس کے تحت صوبے کے غریب عوام کو بنیادی ضروریات زندگی کی فراہمی کی کوشش کی جائے گی، پی ڈی ڈبلیو پی کی منظوری کے بعد اس پروگرام پر عملدرآمد کیلئے ایس آر ایس پی کو رقم بھی فراہم کر دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ اس پروگرام کے تحت 500 ملین روپے ترقیاتی اور کمیونٹی کے کام کی استعداد بڑھانے کیلئے مختلف

پروگراموں کے تحت یونین کونسلز کے ذریعے منصوبوں کی شناخت مکمل کی جاچکی ہے اور ان پر عملدرآمد جلد شروع کیا جائے گا۔

جناب سپیکر! تعمیر پختونخوا پروگرام کے تحت (تالیاں/شور) صوبائی اسمبلی کے ممبران کو اپنے حلقوں میں عوام کی فلاح و بہبود اور ترقی کے منصوبوں پر عملدرآمد کیلئے 1240 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ اس رقم سے ممبران اسمبلی کو اپنے اپنے حلقوں میں عوامی ضروریات کے مطابق ترقی کے عمل کو تیز تر کرنے میں مدد ملے گی۔ علاوہ ازیں ضلعی سطح پر ترقی کے عمل کو مزید تیز کرنے کیلئے 1341.735 ملین روپے ضلعی حکومتوں کو صوبائی فنانس کمیشن کے فارمولے کے تحت فراہم کئے جائیں گے۔ حکومت ترقیاتی عمل کو تیز سے تیز تر کرنے اور عوام کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی میں خصوصی دلچسپی لے رہی ہے۔ امید کامل ہے کہ حکومت کی خصوصی دلچسپی کے نتائج عوام کے سامنے جلد آنا شروع ہو جائیں گے۔

جناب سپیکر! سال 10-2009 میں شعبہ تحقیق و ترقی کے 11 منصوبوں کیلئے 114.895 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں جن میں 7 جاری اور 4 نئے منصوبے شامل ہیں۔ علاقائی ترقی کے شعبہ میں مالی سال 10-2009 کے دوران 38 منصوبوں کیلئے 7772.61 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں، ان میں 30 جاری اور 8 نئے منصوبے شامل ہیں۔ ان پروگراموں کا مقصد ایک جامع منصوبے کے ذریعے مخصوص علاقوں میں مختلف شعبوں کی ترقی و کارکردگی کو اس حد تک بڑھانا ہوتا ہے جس سے علاقے کے لوگوں کی معاشی و سماجی استحکام اور معیار زندگی کو بہتر بنایا جا سکے۔

جناب سپیکر! اب میں وسائل میں اضافے کیلئے چند تجاویز پیش کرتا ہوں۔ جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ ہمارے صوبے کی معاشی ترقی موجودہ جغرافیائی صورتحال کی وجہ سے روز بروز گرتی جارہی ہے جس کا براہ راست اثر صوبے کی آمدن پر ہو رہا ہے، جس کی طرف خصوصی توجہ کی ضرورت ہے۔ عوام کے مسائل اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت نے عوام پر نئے ٹیکسوں کی مد میں ایسا کوئی ٹیکس نہیں لگایا جس کا اثر غریب لوگوں کی مشکلات میں اضافہ کا سبب بنے۔ (تالیاں) اس کے برعکس موجودہ ٹیکسوں کے نظام میں عوام دوست تبدیلیاں کی گئی ہیں جن کی بدولت عوام کو سرکاری دفاتر کے چکر کو کم سے کم کیا گیا ہے تاہم صوبے کے وسائل میں اضافہ کیلئے چند ٹیکسوں میں معمولی ردوبدل کیا ہے جن میں:

1۔ تین ہزار آمدن سے لیکر چھ ہزار آمدن تک کے افراد کو پروفیشنل ٹیکس کی ادائیگی سے مستثنیٰ قرار دیئے گیا ہے تاہم باقی یونٹس پر عائد پروفیشنل ٹیکس میں معمولی اضافہ کیا گیا ہے۔

2۔ صوبائی اور مرکزی حکومت کے گریڈ 16 تک کے تمام ملازمین جو کہ صوبے کے مختلف سرکاری محکموں میں اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں، کو پروفیشنل ٹیکس کی ادئیگی سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ پروفیشنل ٹیکس نیٹ میں وسعت لانے کے ساتھ ساتھ موجودہ شرح میں معمولی ردوبدل کیا گیا ہے۔

3۔ آبیانہ کی موجودہ شرح میں 50 روپے اضافہ کی تجویز ہے تاکہ صوبے کی آمدن میں بہتری لائی جاسکے۔ اس کے علاوہ محکمہ انہار کی استعداد کار کو بڑھانے کیلئے کافی اضافی آسامیاں پیدا کی جائیں گی تاکہ آبیانہ کی وصولی میں خاطر خواہ اضافہ کو ممکن بنایا جاسکے تاکہ حکومت کی پالیسی کے مطابق آمدن کو اسی سیکٹر پر خرچ کیا جاسکے۔

4۔ دیہی و شہری علاقوں میں جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے انتقال (Mutation) کا نظام مروج ہے جس کی وجہ سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ان مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت نے جائیداد کی خرید و فروخت کے موجودہ نظام میں مزید اصلاحات کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ تشخیصی مالیت کے جدول Valuation table میں عوام دوست بہتری کی جائے گی۔

جناب سپیکر! اب میں چند اہم امور کی جانب آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ صوبہ سرحد کے دور افتادہ ضلعوں بشمول چترال اور کوہستان میں Unattractive Area Allowance کی شرح نہایت کم ہے۔ ان اضلاع کے سرکاری ملازمین کی حوصلہ افزائی اور فرائض منصبی کو احسن طور سرانجام دینے کیلئے صوبائی حکومت نے اضلاع چترال اور کوہستان میں مذکورہ الاؤنس کو بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے جس کی تفصیل یہ ہے:

ضلع چترال کیلئے بنیادی سکیل 1 تا 15 کیلئے سابقہ الاؤنس 150 روپے ماہانہ سے بڑھا کر 1700 روپے ماہانہ، سکیل 16 کیلئے 250 روپے ماہانہ سے بڑھا کر 3000 روپے ماہانہ اور سکیل 17 اور اس سے اوپر کیلئے 300 روپے ماہانہ سے بڑھا کر 4500 روپے ماہانہ کر دیا گیا ہے۔ (تالیاں) اسی طرح ضلع کوہستان کیلئے بنیادی سکیل 1 تا 15 کیلئے سابقہ الاؤنس 150 روپے ماہانہ سے بڑھا کر 1500 روپے ماہانہ، سکیل 16 کیلئے 250 روپے ماہانہ سے بڑھا کر 2500 روپے ماہانہ اور سکیل 17 اور اس

سے اوپر کیلئے 300روپے ماہانہ سے بڑھا 4000 روپے ماہانہ کر دیا گیا ہے۔ (تالیاں)
مذکورہ الاؤنس سے جہاں سرکاری ملازمین کو مالی فائدہ حاصل ہوگا، وہاں سرکاری دفاتر میں کام کی استعداد بڑھانے میں بھی مدد ملے گی۔

جناب سپیکر! شاہ صاحب ناراض ہوتے ہیں، حکومت پختونخوا کو متاثرین مالاکنڈ کی تکالیف کا پورا احساس ہے۔ ان کی خوراک اور رہائش کے بندوبست کے علاوہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ کیمپوں میں تولید شدہ ہر بچے کی ماں کو فوری ضروریات کیلئے مبلغ دس ہزار روپے ادا کئے جائیں گے۔ (تالیاں)

مالاکنڈ کے متاثرین میں سے کالج اور یونیورسٹی کے طلباء کو ایک سال کیلئے فیس اور ہاسٹل کا بورڈنگ خرچ حکومت صوبہ پختونخوا برداشت کرے گی۔ (تالیاں)

حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ بنیادی پے سکیل 1تا16 کے سرکاری ملازمین کو پروفیشنل ٹیکس سے مستثنیٰ کیا جائے، اس فیصلے پر یکم جولائی 2009ء سے عملدرآمد ہوگا۔

وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن میں یکم جولائی 2009ء سے پندرہ فیصد اضافے کا اعلان کیا ہے۔ صوبائی حکومت صوبے کے ملازمین کی تنخواہوں اور ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن میں یکم جولائی سے پندرہ فیصد اضافہ کرے گی جس پر مجموعی طور پر 3.9 بلین روپے لاگت آئے گی۔ (تالیاں)

آئندہ مالی سال 2009-10 کے دوران 500 ملین روپے کی لاگت سے ایک صوبائی روزگار فنڈ قائم کیا جائے گا جس سے بے روزگار افراد / نوجوانوں بالخصوص دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والوں کو نرم شرائط پر قرضے فراہم کئے جائیں گے۔ یہ قرضہ جن مقاصد کیلئے فراہم کیا جائے گا ان میں:

- چھوٹے پیمانے پر کاٹیج انڈسٹری۔
- فوڈ پراسیسنگ انڈسٹری۔
- چھوٹے پیمانے پر ٹریڈنگ۔
- دکانیں اور ہوٹل قائم کرنا۔
- پانچ ایکڑ یا اس سے کم زمین کے مالکان کیلئے ٹریکٹر کی خریداری کیلئے امداد اور رکشہ کی خریداری کیلئے قرضہ شامل ہیں۔ (تالیاں)

جناب سپیکر! میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کا شکر گزار ہوں کہ مجھے مالی سال 2009-10 کا بجٹ پیش کرنے کا موقع فراہم کیا اور صبر و تحمل سے میری گزارشات کو سنا۔ میں نے اخلاص کے ساتھ رواں مالی سال کا نظر ثانی شدہ میزانیہ، آئندہ مالی سال کا میزانیہ اور ترقیاتی پروگرام اس معزز ایوان کی منظوری کیلئے پیش کیا۔ مجھے امید ہے کہ یہ معزز ایوان اپنی درخشندہ روایات کو قائم رکھتے ہوئے ان کی منظوری دے گا۔

اب میں آپ کی اجازت سے 2009-10 کیلئے سالانہ بجٹ کا گوشوارہ اس معزز ایوان کی منظوری کیلئے پیش کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ پاکستان کا حامی و ناصر ہو۔ امین۔ پاکستان پائندہ باد۔ (تالیاں)

Mr. Speaker: The Annual Budget for the year 2009-10 stands presented.

## مالی مسودہ قانون مجریہ 2009-10 کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Now Item No. 8: The Honourable Acting Minister for Finance, NWFP, to please introduce the North-West Frontier Province Finance Bill, 2009. Honourable Acting Minister for Finance, NWFP, please.

Senior Minister for Planning: Sir, I beg to introduce the 'North-West Frontier Province Finance Bill, 2009.

Mr. Speaker: The Bill stands introduced.

## ضمنی بجٹ برائے مالی سال 2008-09 کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Item No. 9: The Honourable Acting Minister for Finance, NWFP, to please present before the House the Supplementary Budget for the year 2008-9. Honourable Acting Minister for Finance, NWFP, please.

آوازیں: کاپیاں نہیں ہیں، کاپی نہیں ہے۔

جناب سپیکر: کاپیاں دیکھ لیں، آپ کے پاس۔۔۔۔۔

آوازیں: نہیں ہیں جی، نہیں ہیں۔

جناب سپیکر: چھوٹی سی کتاب۔ تھوڑا سا صبر کریں، صبر سے کام لے لیں۔ پیچھے ذرا مڑ کر دیکھ لیں، تقسیم ہو رہی ہیں۔ ابھی Present ہوا ہے نا۔

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر، اب میں مالی سال 2008-09 کا ضمنی بجٹ پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہوں۔

سال رواں کی کل وصولیات کا تخمینہ 113.667 ارب روپے لگایا گیا تھا جبکہ اخراجات کا تخمینہ 113.322ارب روپے تھا، اس طرح سے صرف 0.345ارب روپے کا سرپلس حاصل ہوا ہے جبکہ ترمیم شدہ تخمینہ جات کے مطابق کل وصولیات کا تخمینہ 108.371ارب روپے لگایا گیا ہے۔ ان وصولیات کے مقابلے میں اخراجات کا تخمینہ 117.520ارب روپے ہے جو کہ وصولیات کے مقابلے میں زیادہ ہے۔اس طرح سے نظر ثانی شدہ بجٹ میں 9.149ارب روپے خسارہ ہے۔

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ سال رواں میں اقتصادی ترقی کی رفتار مختلف وجوہات کی بناء پر کچھ زیادہ قابل ستائش نہیں تھی، جس کا اثر ہماری وصولیات پر بھی پڑااور ہم بجٹ میں مختص شدہ رقوم کی وصولی کو حاصل نہیں کر پائے جس کی وجہ سے بجٹ کے مقابلے میں وصولیات کی مد میں 3.765ارب روپے کی کمی واقع ہوئی۔ وصولیات میں 3.818ارب روپے مرکزی ٹیکسوں میں صوبے کے حصہ میں کمی ہوئی اور 1.249ارب روپے وفاق کی طرف سے سپیشل گرانٹ میں کٹوتی کی گئی۔ صوبے کے اپنے وسائل ٹارگٹ سے 1.017ارب روپے کم وصول ہوئے لیکن گیس اور تیل کی رائلٹی میں 0.656ارب روپے کی اضافی رقم وصول ہوئی اور ساتھ ہی ساتھ ایک ارب روپے ماورائے بجٹ گرانٹ وفاقی حکومت نے IDPs کیلئے فراہم کی۔اسی طرح سے دوسری مدوں میں بھی معمولی کمی بیشی واقع ہوئی جس کی تفصیل آپ وائٹ پیپر میں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

جناب سپیکر! جہاں تک اخراجات کا تعلق ہے، اس میں مزید اضافہ ہوا اور اس سال رواں کے اخراجات جاریہ جو 67.3ارب روپے تھے، ترمیم شدہ تخمنیہ جات سے بڑھ کر 75.6ارب روپے ہو گئے۔

جناب سپیکر! سال رواں کا ضمنی بجٹ جو اس ایوان کی منظوری کیلئے پیش کیا جارہا ہے، کا کل حجم 14,109 ملین روپے ہے جس کی تفصیل کچھ یوں ہے:

- اخراجات جاریہ — 9,919 ملین روپے
- ترقیاتی اخراجات — 4,190 ملین روپے

ٹوٹل — 14,109 ملین روپے

اخراجات جاریہ کی تفصیل کچھ اس طرح ہے:

i. جنرل ایڈمنسٹریشن: 505 ملین روپے

| | | |
|---|---|---|
| ii. | ریونیوا اینڈ سٹیٹ: | 2,733 ملین روپے |
| iii. | محکمہ داخلہ: | 528 ملین روپے |
| iv. | پولیس: | 2,238 ملین روپے |
| v. | پنشن: | 407 ملین روپے |
| vi. | شاہرات و عمارات: | 560 ملین روپے |
| vii. | ڈسٹرکٹ سیلری: | 1,802 ملین روپے |
| viii. | محکمہ انصاف: | 281 ملین روپے |
| ix. | محکمہ صحت: | 200 ملین روپے |
| x. | متفرق: | 665 ملین روپے |
| | کل میزان: | 9,919 ملین روپے |

جناب سپیکر! جو اضافی رقوم سال رواں کے دوران فراہم کی گئیں، ان کی چیدہ چیدہ تفصیل کچھ یوں ہے:

i. آئی ڈی پیز کیلئے ایک ارب روپے کی وفاقی حکومت کی طرف سے خصوصی گرانٹ کی فراہمی۔

ii. پولیس میں 4421 نئی آسامیوں کیلئے 780 ملین روپے کی تنخواہیں۔

iii. محکمہ پولیس کیلئے POL میں 185 ملین روپے کی اضافی رقم، یونیفارم کیلئے 105 ملین روپے، آرمز اینڈ ایمونیشن کیلئے 278 ملین روپے، ٹرانسپورٹ کی خریداری کیلئے 134 ملین روپے اور Risk allowance اور Incentive allowance کیلئے 641 ملین روپے شامل ہیں۔

iv. وفاقی حکومت کی طرف سے بم دھماکوں میں متاثرہ افراد کیلئے 340 ملین روپے کی گرانٹ کی فراہمی۔

v. پنشن اور تنخواہوں میں 20% اضافے کی فراہمی کیلئے ضلعی حکومتوں کو 1,802 ملین روپے کی اضافی فراہمی۔

vi. جنرل ایڈمنسٹریشن میں 129 ملین روپے گاڑیوں کی خریداری اور 199 ملین روپے دیگر ساز و سامان کی خریداری کیلئے فراہمی۔

vii. پنشن میں اضافے کیلئے 400 ملین روپے کی اضافی رقم کی فراہمی۔

viii. نفاذ شریعہ ملاکنڈ کیلئے 600 نئی آسامیوں اور Judicial allowance میں اضافے کیلئے 277 ملین روپے کی اضافی رقم کی فراہمی۔

ix. 640 ملین روپے آئی ڈی پیز کیلئے صوبائی حکومت کی طرف سے اضافی رقم کی فراہمی۔

x. 105 ملین روپے پشاور میں فلڈ ریلیف کیلئے اضافی رقم کی اجراء۔

xi. زلزلہ زدگان کیلئے 200 ملین روپے ہاؤسنگ گرانٹ کی اضافی رقم کی فراہمی۔

xii. 50 ملین روپے کی بلوچستان میں قلات کے زلزلہ زدگان کیلئے۔

جناب سپیکر! مرکزی حکومت کی طرف سے ہمیں ایک ارب روپے آئی ڈی پیز کی امداد کیلئے اور 340 ملین روپے بم دھماکوں اور خود کش حملوں کی کارروائیوں میں جان بحق ہونے والوں کے لواحقین کیلئے امداد کی صورت میں موصول ہوئے تھے جو کہ تیکنیکی سپلیمنٹری کے زمرے میں آتے ہیں، تاہم چونکہ یہ رقوم پراونشل اکاؤنٹ میں جمع کرائی گئی تھی، اسلئے اس کی منظوری اس معزز ایوان سے لینا ضروری تھا۔ اس بات کی وضاحت ضروری سمجھتا ہوں کہ سال رواں میں کافی حد تک اضافی خرچہ مختلف مدوں میں بچتوں سے پورا کیا گیا تاکہ سپلیمنٹری بجٹ کا حجم کم سے کم رہے۔

جناب سپیکر! سال رواں کا کل ترقیاتی بجٹ 41.545 ارب روپے تھا جو نظر ثانی شدہ بجٹ میں کم ہو کر 39 ارب روپے ہو گیا باوجود اس کے کہ نظر ثانی شدہ بجٹ تخمینہ میں کمی واقع ہوئی، تاہم ضمنی بجٹ اسلئے پیش کیا جارہا ہے کہ مختلف مدوں میں یا مرکزی حکومت سے سال کے دوران فنڈز موصول ہوئے یا صوبائی سکیموں کو مکمل کرنے کیلئے مختص شدہ رقوم سے زیادہ رقوم فراہم کی گئیں۔ ان کی تفصیل اس طرح سے ہے:

| | | |
|---|---|---|
| i. | بیرونی امداد کے تحت مرکز سے تعلیم کیلئے موصول رقم: | 1.541 ارب روپے |
| ii. | خوشحال پاکستان / پیپلز ورکس پروگرام-II کیلئے مرکز سے وصول شدہ رقم: | 1.751 ارب روپے |
| iii. | شاہراہوں اور پلوں کی سکیموں کیلئے اضافی رقم: | 0.871 ارب روپے |
| iv. | ضلع پروگرام کیلئے اضافی رقم: | 0.027 ارب روپے |
| | ٹوٹل: | 4.190 ارب روپے |

جناب سپیکر! میں سپلیمنٹری بجٹ اسٹیٹمنٹ بابت مالی سال 09-2008 برائے منظوری معزز ایوان میں پیش کرتاہوں۔

جناب سپیکر! میں معزز ممبران کاآپ کی وساطت سے ایک بار پھر شکریہ اداکرتاہوں کہ انہوں نے میری بجٹ تقریر صبر و تحمل سے سنی۔ پاکستان زندہ باد۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر، پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر۔۔۔۔۔۔

<u>Mr. Speaker</u>: Just a minute. The Supplementary Budget for the year 2008-09 stands presented. Yes, Abdul Akbar Khan.

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: جناب سپیکر، آپ نے ہمیں بولنے کا موقع نہیں دیااور۔۔۔۔۔۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: بجٹ کی تقریر تو ختم ہو گئی ہے، اس کو پتہ نہیں ہے۔ اس کو سمجھائیں کہ بجٹ کے بعد پوائنٹ آف آرڈر لیاجاسکتاہے۔ اس کو سمجھائیں کہ بجٹ کے بعد ہو سکتاہے، اس کو سمجھائیں۔

<u>Mr. Speaker:</u> Yes, this is not the point of order.

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر، میں ایک موشن خود پیش کرتاہوں رول 240 کے تحت۔ چونکہ ہمارے رول 141 میں ہے کہ جب بجٹ پیش کیا جاتاہے تو دو دن کی چھٹیاں ہوتی ہیں، اس کی جو Proviso ہے، First proviso، تو اس First proviso کی suspension کیلئے بلکہ امنڈمنٹ کیلئے کہ وہ دو کی بجائے ایک کیا جائے، میں ایک موشن پیش کرتاہوں رول 240 کی تحت۔ مجھے اگر آپ پیش کرنے کی اجازت دے دیں۔ باقی آپ ہاؤس جو ہے نا، اس کو کر دیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔

<u>Abdul Akbar Khan</u>: Sir, I beg to move that first proviso to rule 141 may be suspended under rule 240…………

<u>جناب سپیکر</u>: صبر صبر، ایک منٹ، ایک منٹ۔ Is it the desire of the House that the first proviso to rule 141 ………

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر، پہلے موشن موؤ کریں۔۔۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: اچھا موشن موؤ کریں، پلیز۔

<u>Mr.Abdul Akbar Khan</u>: Thank you Janab Speaker. I beg to move that the first proviso to rule 141 may be suspended under rule 240 and this august House may be allowed to commence general discussion on the Annual Budget 2009-10 on 19th June, 2009 by dispensing two days gap to one day.

Mr. Speaker: The question is that the motion moved by the Honourable Member may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The motion is passed as per majority.

معزز اراکین اسمبلی! جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ بجٹ کا پروگرام پہلے ہی جاری کیا جا چکا ہے لیکن موجودہ حالات کے پیش نظر ایوان نے قواعد کو معطل کر کے دو دونوں کی بجائے ایک دن کا وقفہ کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے، لہذا اسی کے مطابق جاری کردہ شیڈول میں تبدیلی کرنا پڑے گی۔ لہذا جو ممبران سالانہ بجٹ برائے مالی سال 10-2009 پر بحث میں حصہ لینا چاہتے ہیں، وہ اپنے نام سیکرٹری اسمبلی کے پاس کل بارہ بجے دوپہر تک جمع کرائیں تاکہ ممبران کی تعداد کے مطابق بحث کے وقت کا تعین کیا جا سکے، نیز سالانہ مطالبات زر ( Annual Demands for grants) پر کٹوتی کی تحاریک، کٹ موشنز بھی کل دفتری اوقات کار کے دوران جمع کرائے جا سکتے ہیں۔ دفتری اوقات کار کے بعد کسی ممبر کی کٹوتی کی تحریک شامل نہیں کی جائیگی۔ کٹوتی کی تحاریک کے فارمز آپ کی میز پر پڑے ہیں۔ گزارش ہے کہ تمام اراکین وقت مقررہ پر تشریف لے آئیں، چائے اکٹھے پیئں گے بجٹ کی خوشی میں۔ اب اجلاس کو مورخہ 19 جون 2009 بروز جمعہ سہ پہر تین بجے تک کیلئے ملتوی کرتا ہوں۔ تھینک یو۔

---

(اسمبلی کا اجلاس بروز جمعہ مورخہ 19 جون 2009ء سہ پہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)